نسخہ

℞

Potass. bicarb. ʒiss ڈیڑھ ڈرام — پاٹی کاربونیٹ آف پوٹاس

Ext. ergotae fl. ʒj ایک ڈرام — لکوئڈ ایکسٹراکٹ آف ارگٹ

Infusi ergotae f℥viii آٹھ اونس — انفیوزن آف ارگٹ

Two tablespoonfuls every four hours. M.

مکسچر بنا کر بقدار دو ٹیبل اسپون فل ہر چار گھنٹہ بعد دیں +

ڈاکٹر واکر صاحب B. M. Walker M.D. فرماتے ہیں
کہ جب تک مریض برداشت کر سکے پانچویں جوڑ کے مہرے کے اوپر برف اور اسکے ساتھ ہی گرم
ٹین باندھ کر رکھنے سے فائدہ ہوتا ہے چنانچہ ایک ساٹھ برس کی بڑھیا پر یہ تدبیر کی گئی تو
پہلے تو درد اور تیز ہو گیا مگر رفتہ رفتہ کم ہو کر جاتا رہا اور پھر کبھی نہ ہوا +

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali
فرماتے ہیں کہ دانت خراب ہونے سے درد ہو تو اسکو اکھاڑ ڈالیں اور مسکن ادویات مثلاً کلوروفارم
یا افیون یا بلاڈونا مقام درد پر لگانا یا مارفیا کی پچکاری زیر جلد کرنا بھی مفید ہے +

Jaundice.

جانڈس

جانڈس کا دوسرا نام اکٹرس ہے اسکو عربی مین یرقان پنجابی مین پر یقہ ہندی مین کنول بائے کہتے ہین - پتہ یا اسکی نالی مین سنگریزہ پڑنے ڈکٹس کمیونس کا پیدا ہونے کے اوپر دباو ہونے - اسعاد انکثار عشری یعنی سوزش یا جگر کا کوئی مرض ہو جانے تیز مسہل یا تیز زہر کے کھانے - حمل ہونے - گرم ملک مین رہنے - رنج و فکر وغیرہ و ترود کرنے سے یہ مرض ہو جاتا ہے - انٹرمیٹنٹ وری لپسنگ ٹائفس قسم کے بخارون د سوزش پھیپھڑہ و یا پیمیا مین بھی اکثر یرقان ہوتا ہے +

اسکی علامات یہ ہین ضعف - سستی - بھوک نہ لگنا - تشنگی - منہ کا مزہ کڑوا جگر پر گرانی و درد - تمام جسم و آنکھین و پیشاب کی رنگت زرد - پاخانہ کا رنگ مثل مٹی کے کبھی قبض کبھی اسہال - غثیان اور کبھی قے - گاہے تھوک و پسینہ زرد بلکہ مریض کو سب چیزین زرد دکھائی دیتی ہین - بہت روز تک یہ مرض رہے تو سرخ دھبے جسم پر پڑ جاتے ہین - کبھی کسی عضو سے خون بھی نکلتا ہے +

علاج

R. Bartholow M.D. ڈاکٹر بارتھلو صاحب

فرماتے ہین کہ ملیریا یا زکام کے سبب یرقان ہو تو یہ نسخہ مفید ہے +

نسخہ

Rx

Chinoidin	3j	ایک ڈرام	کونا ڈاین

ڈرائیڈ سلفیٹ آف مینگنیشس دو اسکروپل	Manganesii sulph. exsic. ℈ij
دونوں کو ملا کر بیس گولیاں بنائیں اور	M. For 20 pills - one
ایک ایک گولی دیجئے تین بار طیریا جاڑے میں	three times a day.

تین دن ۔

نوع دیگر

℞.

پیوریفائڈ آکس گال ایک ڈرام	Fel bovini pur. ʒj
ڈرائیڈ سلفیٹ آف مینگنیشیا دو اسکروپل	Manganesii sulph. exsic. ℈ij
ریزن آف پوڈوفائلن ۵ گرین	Resinae podophylli gr v
سبکو ملا کر بیس گولیاں بنائیں اور ایک	M. For 20 pills - one
ایک گولی دیجئے تین بار [illegible]	three times a day.

تین دن ۔

نوع دیگر

℞.

سلفیٹ آف کونین دو اسکروپل	Quininae sulph. ℈ij
ڈرائیڈ سلفیٹ آف آئرن ایک اسکروپل	Ferri sulph. exsic. ℈j
آرسینی اس ایسڈ ایک گرین	Acid. arseniosi gr j
سبکو ملا کر بیس گولیاں بنائیں اور ایک	To make 20 pills.
ایک گولی دن میں تین بار طیریا جاڑے میں	One thrice daily.

تین دن ۔

ڈاکٹر پیپر جیسا Prof. W. Pepper M.D. رقمطراز ہیں کہ

ہسپتال جانہ بس میں جگر کا شدید اجتماع خون رفع کرنیکے لیے تیز مسہلات مثلاً کیلومل
یا بائی ٹارٹریٹ آف پٹاس دینا مناسب ہے۔ معدہ و جگر کے اجتماع خون سے جو قے آتی
ہے ہو اسکا سرٹرم پر لگانے سے رفع ہو جاتی ہے۔ اور نسخہ مندرجہ ذیل سے علاوہ اجتماع
خون دور ہونیکے معدہ و امعا کی گلینڈون پر تاثیر تحریک کی ہوتی ہے۔

نسخہ

Rx.

Hydrarg. chloridi mitis gr. iij — ۳ گرین — کیلومل
Pulv. Opii gr. ij — ۲ گرین — اوپیم پوڈر
Bismuthi sub-nitratis ℥ ij ss — سب نائٹریٹ آف بسمتھ ڈھائی اسکروپل
m. Make six powders. — سبکو ملا کر چھ پوڑیان بنائین اور ایک
one to be given every three hours. — ایک پوڑیہ تین تین گھنٹہ بعد دین۔

جگر کے ایٹرک مرضون مین یہ نسخہ بھی مفید ہے۔

Rx.

نسخہ

Aloës socotrinae — پندرہ گرین — سوکوٹرائن ایلوز
Gambogiae — ۱۰ گرین — گیمبوج
Hydrarg. chloridi mitis āā gr. xv — ۱۵ گرین — کیلومل
Syrupi q. s. — حسب ضرورت — سمپل سیرپ
m. Divide into ten pills. Order one or two a week. — سبکو ملا کر دس گولیان بنائین اور ہفتہ مین ایک یا دو گولی دین۔

خون مین سے صفرا کے نکالنے کے لیے یہ نسخہ مفید ہے۔

نسخہ

Rx		
Pil. hydrarg gr xxx	۳۰ گرین	مرکیوریل پل
Pulv. digit.	۵ گرین	ڈیجی ٹیلس پوڈر
Pulv. scillae ... m.	۵ گرین	اسکوئیل پوڈر

Divide into ten pills - one morning & evening.

سبکو ملاکر دس گولیان بناوین اور ایک صبح ایک شام دین ۔

ڈاکٹر جانسٹن صاحب

فرماتے ہیں کہ جگر مین اجتماع خون ہونے سے یرقان ہو تو چار گرین بلو پل اور دو گرین ایلوہ ملاکر دیئے سکے بعد تیس گرین روبرب اور دو گرین کیلومل ملاکر دینا تیزابی اشیاء سے پرہیز کرانا اور یہ نسخہ دینا مناسب ہے ۔

نسخہ

Rx		
magnesiae sulph. gr xxx		سلفیٹ آف میگنیشیا تیس سے ایک ڈرام تک
magnesiae gr x	۱۰ گرین	میگنیشیا
Ammon. chloridi gr v	۵ گرین	کلورائیڈ آف اومونیم

This thrice daily

سبکو ملاکر تین دفعہ روز کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پیشتر دین ۔

جنکو فکر و غم سے یرقان ہوا انکو کبھی کبھی لوبان دینا مفید ہے ۔

پتہ مین سنگریزہ پڑنے سے ہو تو دو گرین افیون کھلا کر گرم غسل کرانے سے وہ سنگریزہ نکل کر آرام ہو جاتا ہے ۔

اسہال اثنا عشری کی سوزش میں ایک اونس روغن بید انجیر پلانیکے بعد دو گرین کیلومل اور
دو گرین ڈوورس پوڈر ملا کر کھلائیں اور ہر روز سفوف مذکور چار گرین ایک گرین کیلومل
اضافہ کرکے تین و دو دفعہ دیتے رہیں - غذا اس عرض میں نشاستہ کی نرم و ہضم دینا چاہیے
جب مریض کمزور ہو جائے تو تبدیلی آب و ہوا بہتر ہے ۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب مجیب

فرماتے ہیں کہ سبب کے مطابق علاج کرنا چاہیے مثلاً صفرا خارج نہ ہوتا ہو تو صفراوی
مسہلات یعنی پوڈوفائلن و مرکبات سیماب و سلفیٹ آف سوڈا ہمراہ ٹرٹیر یکیم کے
اور معدنی تیزاب یعنی نائٹرو میوریٹک ایسڈ کا دینا خوب ہے ۔ اور صفرا کے زیادہ
خارج ہونے سے ہو تو مدرات و مسہلات کا استعمال کرنا اور ہلکی و زود ہضم غذا کھلانا
مناسب ہے ۔

جگر سے صفرا کم خارج ہوتا ہو تو گائے کا پت پانچ پانچ گرین دینے سے فایدہ ہوتا ہے
اور ریٹیٹ فیوڈ کے ساتھ ہو تو مدرات دینا اور گرمی کے باعث سے ہو تو میٹھے کا پلانا
مفید ہے ۔

General Therapeutics of Heart Disease

جنرل تھراپیوٹکس آف ہارٹ ڈزیز

بجز چند کے امراض قلب خصوصاً کواڑوں کی بیماریاں ایسی مشکل ہیں کہ حکیم حاذق ہی انکی تشخیص کامل کر سکتے ہیں ۔ اور انکی تشخیص کا بڑا ذریعہ ڈاکٹروں کو سٹیتھسکوپ ہے جنکی واقفیت کے لئے بہت مشاقی چاہئے ۔

اکثر امراض قلب میں دل دھڑکتا ہے ۔ غشی ہو جاتی ہے ۔ خواب دیکھا کرتے ہیں ۔ دل پر درد یا بوجھ وغیرہ رکھا ہوا معلوم ہوتا ہے ۔ اخیر میں بدن پر ورم ہو جاتا ہے ۔

علاج

Dr Habershon, London ڈاکٹر ہیبرشان صاحب

فرماتے ہیں کہ دل کی چاہئے جو بیماری ہو سبکے علاج میں ان سات اصولوں کا لحاظ کرنا ضرور ہوتا ہے ۔

اوّل دل کے فعل کو کم کریں سو یہ بات آرام سے لیٹے رکھنے سے کہ تشنج نہ دینے یکایک سردی یا گرمی میں نہ لیجانے سے حاصل ہوتی ہے ۔

دوم دل کے فعل کو باقاعدہ کریں جو دماغی محنت کم کرنے اور فتور ہضم نہ ہونے سے ہوتا ہے ۔

سوم تناؤ قلب خصوصاً اسکے داہنی جانب کا تناؤ کم کریں جسکے لئے مسہلات و مدرات دینے اور خون کی مقدار کم کرنے کی ضرورت پڑتی ہے ۔

چہارم غشی ہونے نہ دین جسکے واسطے یہہ تدابیر مناسب ہین کہ بیمار کو عضلاتی فعل کرنیکو منع کرین اور محرک اشیا مثلاً امونیا و برانڈی وغیرہ دین اور کم مقدار مسکن ادویہ کا استعمال کرین ؛

پنجم قلب کے عضلاتی ریشون کو طاقت پہنچاوین چنانچہ یہ بات غذائیت بخش غذا کھلانے - مرکبات فولاد دینے - اچھی ہوا مین رہنے - بیخوابی ہو تو اُسکے دور کرنے سے میسر ہوتی ہے ؛

ششم خون مین فائبرن نہ جمنے دین اسکے لئے کاربونیٹ آف امونیا کا دینا مفید اور سوڈا یا پوٹاش وغیرہ سے بھی فائدہ ہوتا ہے لیکن انکو بہت دن پینے سے دل کا فعل کم ہوجاتا ہے مگر ایسیٹیٹ آف پوٹاشیم و ایوڈائیڈ آف پوٹاسیم یا نوسادر کاربونیٹ آف امونیا کے ساتھ ملاکر دین تو بہتر ہے ؛

ہفتم دیگر عارضی امراض دل کی بیماری کے ساتھ شامل ہونے نہ دین کیونکہ اسکے ساتھ اکثر یہہ مرض شامل ہوجایا کرتے ہین - برنکونیا - پلوریٹک افیوژن - پلمونری اپوپلکسی و دیگر سیلان خون - اعضاء اندرونی مثلاً جگر و گردہ وغیرہ مین اجتماع خون و استسقا و اناسارکا وغیرہ ؛

جگر مین خرابی ہوگئی ہو تو پارہ کا مسہل دینا مناسب ہے کیونکہ امعا کا فعل زیادہ ہونے سے پورٹل کنجشن کم ہوجاتا ہے ؛

مرکبات پارہ و دیگر گردہ کا فعل بھی زیادہ کرین اور انکے ساتھ اسکوئیل کا ملانا اور بھی بہتر ہوتا ہے لیکن پارہ اسقدر نہ دین کہ تھوک آنے لگے - اور مدر بول دوائین بھی اس حالت مین مفید ہوتی ہین ؛

ا سار کا کم کرنیکا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ مقام جانگ پر جلد مین پنکچر کردین ﴿
پھیپھڑہ مین اجتماعات خون ہو تو کئی ہون کے بیچ مین سینگیان اور سینہ پر بلسٹر لگانے
سے بہت کم ہو جاتا ہے ﴿

Dr. M. Fothergill. ڈاکٹر فاتھر گل صاحب

فرماتے ہین کہ ابتدا مرض مین علاوہ آرام و چین مین رکھنے کے تیز مسہل خلا دو ڈرام
کمپونڈ جلیپ پوڈر بار بار دینے سے فایدہ ہوتا ہے اور معرق ادویہ بھی مفید ہین مگر سب سے بہتر
علاج بیرونی گرمی پہنچانا ہے لیکن غسل کرنیکے وقت سر نہین بھگونا چاہیے ﴿
تنگی تنفس ہو تو اسکے دور کرنیکے لیے بڑی پولٹس جس پر رائی بھی ملی ہو سینہ پر اور کندہون کے
بیچ مین لگانا مناسب ہے ﴿
دل کی کمزوری مین اور دواؤن کی نسبت ڈجی ٹیلس سے زیادہ فایدہ ہوتا ہے مگر کسی قدر
کم مقدار مین دینا بہتر ہے اور اسکے دینے سے پیشاب بکثرت آئے تو سمجھا جاتا ہے کہ دوا کا
اثر بہت اچھا ہوا ﴿
دل کی خصوصاً کمزوری مین نسخہ مندرجہ ذیل بہت بہتر ہے ﴿

نسخہ

Rx.

Tinct. digitalis m x	۱۰ قطرے	ٹنکچر آف ڈجی ٹیلس
Spt. aetheris nitrici f. ʒss	نصف ڈرام	سپرٹ ایتھر
Infus. buchu f ℥i	ایک اونس	انفیوزن آف بکو
m.		سب کو ملا کر ایک خوراک کرین اور ایسی تین خوراک
This amount thrice daily.		دن مین تین بار دین ﴿

جب بوجہ کمزوری کے نقرس بھی اسکے ساتھ ہو تو یہ نسخہ مناسب ہے ۔

نسخہ

Rx

Potass. bicarb., gr. xx	۲۰ گرین	بائی کاربونیٹ آف پوٹاش
Ferr. pot. tart., gr. v	۵ گرین	ٹارٹریٹ آف آئیرن اینڈ پوٹاس
Tinct. digitalis m. x	۱۰ قطرے	ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس
Infusi buchu ℥i	ایک اونس	انفیوزن آف بکو

This amount thrice daily. — یہہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں تین بار کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پہلے دینی چاہیے ایک گھونٹ پانی ملا لیں ۔

اگر طبیعی قلب کی خون ودّ بلٹی ہی ہو تو یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

Rx

Tinct. digitalis m. x	۱۰ قطرے	ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس
Ferri ammon. citratis gr. v	۵ گرین	سائٹریٹ آف امونیا اینڈ آئیرن
Ammonii carbonatis gr. v	۵ گرین	کاربونیٹ آف امونیا

This amount thrice daily. — یہہ ایک خوراک ہے ایسی دن میں تین بار دیں ۔

دل کی کمزوری کے ساتھ جگر کی خرابی کثرت نفخ و کمی اشتہا و غیرہ عوارض ہوں جو اکثر مرض امراض قلب کے ساتھ ہوتے ہیں تو یہہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

Rx

Pulv. digitalis gr xxx — ٣٠ گرین — ڈیجی ٹلیس پوڈر

Ferri sulph. exsic. gr xv — ١٥ گرین — ڈرائڈ سلفیٹ آف آئرن

Pulv. capsici gr xl — ٤٠ گرین — چلیز پوڈر

Pil. aloes et myrrhae ʒii — ٢ ڈرام — پل آف الوز اینڈ مر

M. Make sixty pills one twice daily.

سبکو ملاکر ساٹھ گولیاں بنائیں اور ایک ایک گولی دین دو بار دیں ٭

جب ڈراپسی کی زیادتی ہو تو پیٹ اور رانوں پر ڈجی ٹلیس کے پتوں کی پوٹس باندھنا مفید ہوتا ہے ٭

Dr. Napheys — ڈاکٹر نیفیز صاحب

دل کے بڑھنے اور گردہ میں ریگ ہونے اور شریانی تشنج سے شریانوں میں بہت کچھ تناؤ ہو جاتا ہو پس نفرائٹس یعنی ریگ گردہ میں ایک گلاس بھر کر پانی کے ساتھ مرکبات پٹاش مثلاً اس نسخہ کا دینا مفید ہے ٭

نسخہ

Rx

Potass. iodid. gr v — ٥ گرین — آیوڈائڈ آف پٹاسیم

Potass. bicarb. gr xv — ١٥ گرین — بائی کاربونیٹ آف پٹاش

Infus. buchu f℥i — ایک ڈرام — انفیوژن آف بکو

M. This amount three times a day.

ایسا ایک خوراک ہے ایسا دن میں تین چار بار ٭ معدہ میں دیگر ادویہ سے ایک گلاس بھر کر

بالنی پلادین ؂

اگر نبض معمولاً بے وقت اور دل کی پہلی آواز درست ہو تو نسخہ مذکورہ بالا مین دو [illegible]
ٹنکچر ڈجیٹیلس دس قطرے ملا دین اور دل کی حالت اسکے برخلاف اور نبض دبنے پر ہلنے والی
ہو تو بجائے وائین آئرن کا ٹنکچر کے ٹنکچر آف ڈجیٹیلس کے دس قطرے ملا دین کیونکہ
اس سے دل کو طاقت پہنچتی ہے ؂

ڈاکٹر چیمبرس صاحب Dr. Chambers

فرماتے ہین کہ چونکہ امراض قلب مین وہ دوران خون کمزور ہونیکے سبب سیال اشیا دیر تک ہضم
ہوتی ہین اور بد ہضمی ہوجاتی ہے برخلاف خشک غذا کھانے سے بہت آرام معلوم ہوتا
ہے خاصکر جب کہ دل کی دیوار پتلی ہوگئی ہوں ۔ اور نائٹروجنس غذا مین تو [illegible]
ا حالت کے مطابق کھانیکا کچھ مضایقہ نہین لیکن امراض قلب مین چاء و تمباکو سے پرہیز
کرنا ضرور چاہئے ؂

ڈاکٹر البٹ صاحب Dr. T. C. Allbutt M. D.

قلبی نفس خرابی اعصاب و نائیٹرس ؂ مین مارفیا کی پچکاری زیر جلد کرنا
مفید بتاتے ہین لیکن اونکے نزدیک [illegible] مناسب نہین ہے ؂

[illegible] اور [illegible] آف [illegible]
حصہ گرمیوں مین تنہائی یا چہ ماہی کرین تک شام کو [illegible] اور رات بھر آرام سے رکھین
[illegible] شباب مین البیومن پایا جائے یا گردہ مین اجتماع خون ہو تو دینا مناسب نہین [illegible]

ڈاکٹر ڈوبل صاحب Dr. H. Dobell M. D. فرماتے ہین کہ

اسکو عربی مین فزع النوم کہتے ہین جسمین مریض [illegible] ڈرتا ہوا چونک پڑتا ہے ؂

اور صرف سینہ میں درد ہونے سے ہی دل کا مرض نہیں سمجھنا چاہئے کیونکہ مرض بدہضمی یا
جب تیزابی کیفیت کی زیادتی یا تبخیر ہو گیا سٹرک عصب کی گیا سٹرک نیورالجیا
یا انیمیا میں خون کی خرابی - یا دوران خون میں کوئی مقامی فتور ہو تو بھی ایسا ہو سکتا ہے
لیکن درد دل کے ساتھ بائیں بازو میں بھی درد ہو تو یہ قوی علامت قلبی مرض کی
ہے مگر بعض دفعہ خطرناک امراض قلب میں بھی درد نہیں ہوتا ۔
مریض کی طبیعت کی رہنمائی کے بموجب اُس کا علاج کرنا چاہئے اور ورزش اس قدر کرے
کہ مریض کو تکان نہ ہو - اور بدہضمی کے سبب سے درد ہو تو یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

Rx

Sodii bicarb. gr v–x — بائی کاربونیٹ آف سوڈا پانچ گرین سے دس گرین

Pulv. calumbae gr x–xx — کلمبا پوڈر دس سے ۲۰ گرین

Pulv. zingiberis gr x — جنجر پوڈر ۱۰ گرین

Take in water before each meal. m — یہ ایک خوراک ہے - پانی میں ملا کر ہر کھانے سے پہلے پئیں ۔

Dr Laycock

ڈاکٹر لے کاک صاحب فرماتے ہیں

کہ امراض قلب کے سبب ڈسپیپسیا ہو تو اس نسخہ سے بہت فائدہ ہوتا ہے جو اس مرض کی تخفیف کر کے
راحت بخشنے والا ہے ۔

نسخہ

Rx

Potass. iodid. gr v — ۵ گرین آیوڈائیڈ آف پوٹاسیم

Potass. bromidi gr xv — ۱۵ گرین برومائیڈ آف پوٹاسیم

For one dose. m — یہ ایک خوراک ہے ہر روز رات کے وقت لینا چاہئے ۔

ڈاکٹر ڈیوریٹ صاحب Dr. Durant London

فرماتے ہیں کہ واسطے علاج امراض قلب میں ان قاعدوں کی پابندی کرنا چاہیئے ۔

اوّل - یکایک جلد و سخت حرکت نہ کریں اور جلد چلنے وزنی چیز اٹھانے بہت دور تک سفر کرنے سے باز رہیں ۔

دوم نفخ پیدا کرنیوالی اور زیادہ غذا کبھی نہ کھائیں کیونکہ زیادہ کھانے سے اکثر مریض مرجاتے ہیں پس زود ہضم غذا کئی بار کر کے کھانا مناسب ہے ۔

سوم بہت سیال شے خاصکر سرد سیال چیزیں نہ پئیں کیونکہ آنسے اعصاب مین خراش ہوکر کارڈیک سنکوپی ہونے سے مریض مرجاتا ہے ۔

چہارم آخری اور تاکیدی قاعدہ یہ ہے کہ جماع سے بالکل پرہیز کریں ۔

Diabetes.

ڈائی بیٹیز

انگریزی میں جس مرض کو ڈائی بیٹیز کہتے ہیں اُسکا ترجمہ عربی میں ذیابیطس کیا گیا ہے مگر اطباء عرب کے نزدیک ذیابیطس وہ ہے کہ جو پانی پیا جاوے وہ تھوڑے عرصہ بعد پیشاب کی راہ سے بلا ارادہ مریض خارج ہو اور جب ارادہ نکلے تو اُسے سلسل بول بولتے ہیں لیکن انگریزی میں اس مرض کی تین قسم ہیں جنکا جدا جدا بیان کیا جاتا ہے

Diabetes Insipidus.

ڈائی بیٹیز انسپیڈس

اسکو ڈایوریسس بھی کہتے ہیں پانی یا شراب بکثرت پینے یا گردہ یا بادگرد کا مرض یا خاص میں خراش ہونے سے بار بار کثیر القدار پیشاب آتا ہے جسمیں کبھی یوریا کم اور کبھی زیادہ ہوتا ہو۔ اسکے علاوہ ضعف و تشنگی و بدہضمی و قبض شکم و جسم پر خشکی ہوتی ہے۔ جی ڈوبا جاتا ہے۔ معدہ کے اندر کوئی شے کاٹتی ہوئی معلوم ہوتی ہے ؛

علاج

ڈاکٹر بوکارڈٹ صاحب *Prof. A. Bouchardat.*

فرماتے ہیں کہ بول و براز بقاعدہ اور ایسا ہونا چاہئے کہ ہر چوبیس گھنٹہ بعد [illegible] صاف ہوجائے۔ ورزش اور روزمرہ صبح کو اسفنج سے جلدی جلدی رگڑ کر غسل کرنا بھی مناسب ہے غسل کے پانی میں جلد کا فعل بڑھانے کیلئے ڈھائی ڈرام کاربونیٹ آف پوٹاس تیس گیلن کے اسٹرانگ فتہ لوشن ایک ڈرام ٹنکچر آف نیٹران ملانا بہتر ہی ؛

غذا کی بابت ان باتوں کا لحاظ کرنا ضرور ہوتا ہو - کھانا تھوڑی مقدار میں خوب چبا کر
کھائیں - کسیقدر گوشت کھا سکتے ہیں مگر انڈے و مچھلی و پنیر و میوہ جات خشک و
البتہ وغیرہ کم کھائیں - شراب سے پرہیز کریں - مولی و دیگر ثقیل ہضم چیزیں تھوڑی مقدار
کھانے کا کچھ مضائقہ نہیں سب طرح ترکاریوں کا کھانا بھی عمدہ ہے - دودھ کے پینے
سے تو اکثر فایدہ ہوتا ہو - کافی سے پیشاب زیادہ ہو تو وہ بھی دے سکتے ہیں -
صاف پانی یا کسین ٹارٹریٹ آف سوڈا یا ٹارٹریٹ آف پوٹاشس ملا کر ایسے بیشتر
خوب پانی پلانا چاہیے تاکہ پیشاب کھلکر ہو ❊

ڈاکٹر کاسٹا صاحب — Dr. J. M. Da Costa.

فرماتے ہیں کہ بعض مریضوں کو ابتداء مرض میں ایک ڈرام فلوئیڈ ایکسٹراکٹ آف ارگٹ دن میں
تین بار اور کچھ روز بعد دو ڈرام دن میں تین بار دینے سے دو ماہ میں فایدہ ہوا ہے
اور ایک مریض پندرہ گرین گیلک ایسڈ دن چار بار دینے سے اچھا ہو گیا تھا ❊

ڈاکٹر ٹروشا صاحب — Prof. A. Trousseau

فرماتے ہیں کہ اکسٹراکٹ آف ولیرین بمقدار پندرہ گرین دن میں تین بار دینا مفید ہے ❊

ڈاکٹر کینیڈی صاحب

فرماتے ہیں کہ ایک مریض کو پانی میں ایک ڈرام ڈائیلیوٹ نائٹرک ایسڈ ملا کر دن بھر میں پلایا گیا
اور حسب الضرورت چند ڈرام تک تیزاب مذکور کی مقدار بڑھا سکتے ہیں - اس دوا سے
پانچ مریض بالکل اچھے ہو گئے ہیں ❊

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب — Mir Ashraf Ali

فرماتے ہیں کہ ٹنکچر آف پرکلورائڈ آف آئیرن دینا - اور صرف مائیت پیشاب میں زیادہ ہو تو

پانی و مدر بول اشیا کا کم استعمال کرنا۔ معدنی تیزاب افیون دینا گرم کپڑا پہنانا۔
گرم غسل کرانا مقوی غذا کھلانا چاہئے ۔

جب یوریا پیشاب مین کم ہو تو حیوانی غذا اور وہ زیادہ ہو تو ترکاری وغیرہ نباتی اشیا
بیچینی ہو تو افیون نہایت ضعف ہو تو مقوی و جاذب دوائین مثلاً کارڈائیکل
وفاسفورک ایسڈ و کلورڈ وغیرہ ورم مثانہ پر خراش ہو تو آشیر و لعاب صمغ عربی وغیرہ
لعابدار چیزین دینا بہتر ہے ۔

Diabetes Mellitus.

ڈائی بیٹیز ملیٹس

نیموگیاسٹرک نرو یا دماغ میں خراش پیدا ہونے و جگر کا فعل بگڑ جانے تو پیشاب میں شکر آنے لگتی ہے جسکو ڈائی بیٹیز ملیٹس کہتے ہیں۔ یہ مرض موروثی بھی ہوتا ہے اور بسترہ ہی دیکھنے یا گرم حالت میں سرد پانی پینے رنج و غم و فکر وغیرہ کرنے سے بھی ہو جاتا ہے۔

جب پیشاب میں شکر آنے لگتی ہے تو ہلکے سفید رنگ کا بجائے گھاس کی مانند پیشاب بار بار آتا ہے جسکا وزن متناسبہ حالت صحت سے بڑھا ہوا اور دودھ کی بو و ذائقہ شیریں یا دم شناخت کرنے سے اسمیں شکر ملتی ہے۔ بھوک پیاس زیادہ۔ قبض شکم گلا و جلد بدن خشک رہتا ہے سانس سے میٹھی بو آتی ہے مہینوں یا برسوں کے بعد علامات مذکورہ کی ترقی و لاغری ہو کر مریض مر جاتا ہے۔

علاج

ڈاکٹر بوکارڈٹ صاحب [illegible]

اگرچہ ڈاکٹروں کی رائے کے بموجب نشاستہ غذا اس مرض میں دینا جائز نہیں ہے مگر مندرجہ ذیل چیزیں بدل بدل کر حسب ضرورت دے سکتے ہیں۔ ہر قسم کا گوشت بھنا ہو یا ابلا ہوا یا مصالح دار لیکن اسمیں آٹا ملا ہو۔ سمندر یا تازہ پانی کی مچھلی جسکا روٹی بغیر اچھی طرح کھانا ناممکن ہے۔ انڈے۔ بالائی۔ مگر دودھ نہیں۔ ہاتھی چک و گوبھی و آڑو و دیگر قسم کی پھلیاں۔ پانی زیادہ پینے سے اگرچہ شکر کی زیادتی

ہوتی ہے گر نیز میں پیاس بجھانے قدر سے پی لینا کا کچھ مضایقہ نہیں ہے ❖

ڈاکٹر کاسٹا صاحب Dr. Costa فرماتے ہیں کہ

شکر پن کی مقدار میں زمین شیرین ادرانبون وغیرہ سے پیاس لگنے و شکر کے اخراج رطوبات کے تحلیل ہونے میں بہت کمی ہو جاتی ہے گر انکی عادت پر جانا مضر ہے ❖ غذا کا پرہیز کرنے اور بیس سے ساٹھ قطرے تک ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئرن قدرے پانی میں ملا کر یا یہ نسخہ دینے سے بھی بہت فایدہ ہوتا ہے ❖

نسخہ

℞

Ammon. carb. ʒiiiss کاربونیٹ آف ایمونیا دو سے چار ڈرام

Aq. Cinnamomi f ʒvi سنیمن واٹر چھ اونس

A tablespoon-ful three times a day. میں سے ایک ایک ٹیبل سپون فل دن میں تین چار بار دینا ❖

شکر دار اشیا مثلاً میٹھی آلو وغیرہ سے پرہیز کرائیں - بھوسی کی روٹی یا ایک دو [illegible] کا [illegible] بادام کے مغز [illegible] حلوائی بنا کر دیں - خشکی رفع کرنیکے لیے پانی میں تین چار رتی [illegible] ملا کر [illegible] ایک یا [illegible] انفیوژن [illegible] ایک ایک گلاس بھر کر دن میں چار بار دینے سے پیاس کم ہو جاتی ہے لیکن [illegible] کے ساتھ تھوڑا تھوڑا پانی بھی دینا چاہیے ❖

ڈاکٹر گراس صاحب Prof. S. D. Gross M. D.

کھانا کھانے سے پیشتر ایک ڈرام ٹنکچر آف ارگٹ پانی میں ملا کر اور کھانے کے درمیان یہ نسخہ دینا چاہیے ❖

نسخہ

℞

Acidi tannici gr. v.	ٹینک ایسڈ ۵ گرین
Opii pulv. gr. ss.	افیم پوڈر نصف گرین
M.	
To be taken three times a day.	یہ ایک مقدار ہے ایسی تین مقدار دن میں تین بار کھانیکے درمیان دیں ۔

اگر مریض کمزور ہو تو تھوڑی شیریا کو ایک اونس سپرٹ میں ملا کر مریض کی پیٹھ پر ملیں بار بار اسپنج سے بدن پونچھیں اور غذا میں ...
... غذا سوپ دودھ بیسکٹ ... یخنی دیں اور پانی کے عوض بیر شراب یا ... اگر اشد ضرورت ہو تو ...
... چار بار ... شراب پانی میں ملا کر پلائیں ۔ علاج مذکورہ بالا کا شروع مریض کو بہت آرام ہو گیا ہے ۔

ڈاکٹر ہوگ صاحب

Dr. J. Hoag.

تازہ گوشت کو بالائی و پنیر و مکھن و حلیم انڈے و مچھلی و قدرے روٹی بھی کی دینا
چاہ و کافی و پھل و ترکاری وغیرہ سے پرہیز کرانا ۔ پانی یا دودھ اور لائیم واٹر ملا کر پلانا
روزمرہ جسم کو اسفنج لگا لگا کر ان کلائین باتھ کرانا ۔ مندرجہ ذیل نسخوں کا دینا
بہتر ہے ۔

نسخہ

℞

Antimonii sulphurati, ℈j	ایک اسکروپل	سلفیورٹیڈ انٹی منی
Pulv. ipecac. et opii ʒ ℈ii	۲ اسکروپل	کمپونڈ ایپیکاکوانا پوڈر
Ammon-carb. ʒj	ایک ڈرام	کاربونیٹ آف امونیا
Pulv. opii gr. x	۱۰ گرین	افیم پوڈر
M.		
Make twenty powders		سبکو ملا کر بیس پوڑیاں بنائیں اور

ایک ایک پوڑیہ صبح شام دین ۔ One to be taken morning & evening.

نسخہ

Rx.

ٹنکچر آف سنکونا — ایک اونس — Tinct. cinchonae f ℥ i

ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئیرن — ۲ ڈرام — Tinct ferri chloridi f ʒ ii

ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس — ایک ڈرام — Tinct. digitalis f ʒ i

کمپونڈ اسپرٹ آف لیونڈر — ایک اونس — Spt. lavandula comp. f ℥ i

سبکو ملا کر اسمین سے ایک ٹی اسپون ۔ Mx.

فی روز دوپہر کیوقت دین ۔ A teaspoonful daily.

ڈاکٹر ڈنکن صاحب Dr. Donkin of Dublin —

فرماتے ہین کہ دودہ مین کچہہ ملا کر یا خالص ٹھنڈا دودہ بالائی دور کرکے باقاعدہ بجاے
کہانے کے پہلے روز چار سے چہہ پائنٹ تک پلائین اور رفتہ رفتہ بموجب عمر و جنسیت و
قد و حالت مرض کے بڑہا کر خوب روز مین بارہ پائینٹ تک اسطرح دین کہ آٹھ پائینٹ
دودہ اور باقی کا ذی مائع [illegible] مگر مقدار بارہ پائنٹ سے اور حرارت سو درجہ

21

سے زیادہ نہو کیونکہ جوش دینے سے دو سو بارہ درجہ کی حرارت مین اسکے اجزا تبدیل
ہو جاتے ہین اور وزن متناسبہ ۱۰۷۵ سے کم نہونا چاہیے ۔ اگر قبض ہو جاے
تو روغن بیدانجیر دیکر رفع کرین اور ایک ہفتہ مین اس ترکیب سے کچہہ فایدہ نہ معلوم ہو
تو بند کر دین ۔

ڈاکٹر ملرڈ صاحب Dr. O. Millard — فرماتے ہین
کہ نسخہ مندرجہ ذیل دینے سے شکر کا آنا فوراً کم ہو جاتا ہے ۔

نسخہ

Rx

Tinct. ferri chloride ℥ii ۲ اونس — ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئرن

Olei morrhuae ℥iv ۴ اونس — کاڈ لیور آئل

Acidi carbolici ʒiss ڈیڑھ ڈرام — کاربولک ایسڈ

M. — سب کو ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل کھانا

A teaspoonful before each meal. — کھانے سے پہلے دیں ✦

Dr. Johnston — ڈاکٹر جانسٹن صاحب

نزلہ تپ میں اگر بہت ارض ہو تو گرم کپڑا پہنانا۔ کبھی کبھی رات کو دس گرین ڈوورس پوڈر دوپہر کو پندرہ قطرے ڈائلیوٹ سلفیورک ایسڈ۔ اور صبح شام یہ نسخہ دینا چاہئے ✦

نسخہ

Rx

Nux vomica gr. iv چار گرین — کچلہ

Soda gr. ii دو گرین — سوڈا

Infusion chiretta ℥ss نصف اونس — انفیوزن آف چرائتہ

M. — یہ ایک مقدار ہے ایسی دو مقدار دینی

This twice daily. — دو دفعہ صبح اور شام کو دیں ✦

نسخہ مذکورہ بالا سے فائدہ نہ ہو تو یہ نسخہ دیں ✦

نسخہ

Rx

Creasote m ii ۲ قطرے — کریازوٹ

لاڈنم	دو قطرے	m.v.	Tinct. Opii
پانی	ایک اونس	℥i	Water

ہو ایک مقدار ایسی تین مقدار دن میں تین بار دیجئے ۔ This three times a day.

اس مرض میں بہ نسبت دوا کے غذا انتظام کے ساتھ ہونے سے بہت فائدہ پہنچتا ہے چاہئے
ہر قسم کی کاربو ہائیڈریٹس غذا جو شکر بنا سکتی ہیں مثلاً چاول شہد شلغم و گاجر و میوہ
وغیرہ کا دینا جائز نہیں ہے گھی و دودھ پلا سکتے ہیں لیکن جیسا چاہئے یعنی شوربا کا پلانا بہتر ہے
شراب کی عادت ہو تو ایسی شراب جس میں شکر کے اجزا نہوں بمقدار دو ڈرام قدرے
پانی کے ساتھ پلا سکتے ہیں - روٹی بھوسی کی مفید ہوتی ہے جسکے پکانے کی یہ ترکیب ہے
کہ گیہوں کی بھوسی کو تھوڑے پانی میں ڈالکر یا دو گھنٹہ تک جوش دیں بعدہٗ اوس پانی
کو پھینک کر دوسرے پانی میں ایسا ہی کریں پھر آب سرد سے اسقدر دھوئیں کہ دھوون
تک پھر رنگ نکلنے لگے پھر نچوڑ کر دھوپ میں یا آگ پر سکھا کر پیس لیں اور اسمیں سے دو چھٹانک
اور [illegible] بیضہ مرغ ایک چھٹانک مکھن پانچ چھٹانک دودھ لیکر نصف دودھ
میں انڈے توڑ کر اور باقی میں مکھن ملا کر علیحدہ علیحدہ گرم کریں بعدہٗ دونوں کو یکجا کر کے
اور اسمیں اتنا ملا لیں اور قدرے نمک و جاوتری و جائفل و سونٹھ وغیرہ ڈالکر گوندہ کر
روٹی پکا کر خوب سینکیں اور تنہا یا گوشت یا پنیر کے ہمراہ اکثر گرم گرم کھائیں اور اگر ہیضہ
ہو تو اسمیں سے مکھن و مصالح وغیرہ کم کر دیں - اور اول بدل کر کھانی بھی چاہئے
تو نصف آٹا چوکر یعنی بھوسی کا اور نصف سفوف بادام باہم ملا کر روٹی پکا کر کھائیں
پانی کم کر کے پلانے سے شکر پیدا ہونا تو موقوف ہوتا ہی نہیں صرف باہر کم خارج ہوتی ہے

اور مریض پیاس کی جو تکلیف اوٹھاتا ہے وہ علاوہ ۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf زماتے ہیں کہ
چونکہ اس مرض کی ماہیت بخوبی معلوم نہیں ہے اسسبب سے اسکا رفع ہونا تو ناممکن ہے
مگر معقول علاج سے مدتوں رکا رہتا ہے اور وہ علاج یہہ ہے کہ چرند و پرند کا گوشت و دودھ
و بھوسی کی روٹی و بادام و انڈے کھلائیں اور پیاس رفع کرنیکو سوڈا واٹر یا برف کا پانی
پلائیں ۔ ہر قسم کی ترکاری و روٹی و شراب چاء و کافی سے پرہیز کرائیں ۔ گرم کپڑے
پہنائیں ۔ گرم غسل و گرم پانی کا بپارہ دیں ۔ دوا ڈوورس پوڈر سب سے بہتر ہے
سائیٹریٹ آف پٹاس و مرکبات فولاد سے بھی بڑا فایدہ ہوتا ہے ۔ ایک ایک گرین کونین
دانیوں دنیں تیت چار یا رایا کاڈلیور آئل یا چربی دودہ میں حل کرکے یا اسٹرکینا بھی
دیتے رہنا ۔

Diabetes Chylosis.

ڈائی بیٹیز کائلوسس

کائلوسس یوریتھرا بھی کہتے ہیں اسکی علامات کچھ کچھ ڈائی بیٹیز انسپیڈس سے مشابہ ہوتی ہیں مگر اسمیں بجائے پیشاب سفید رنگ دودھ کی مانند خارج ہوکر شکل فالودہ کے جمجاتا ہے اور کیمیاوی امتحان کرنے سے اسمیں فائیبرن و کیزین و چربی و البیومن وغیرہ پایاجاتا ہے - جب کبھی خون پیشاب میں ظاہر ہوا آتا ہے تو اسکا رنگ خفیف سرخی مائل ہوتا ہے کبھی مثانہ میں پیشاب جم جانے سے رکجاتا ہے ۔

علاج

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب جناب Dr. Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں کہ تبدیلی آب و ہوا کرانا و ہاضم و مرقی و مسکن و ملین و قابض اور دیگر مثلاً گیلک ایسڈ و ٹنکچر آف پرکلورائیڈ آف آئرن کا دینا مفید ہے ۔

ڈاکٹر رحیم خانصاحب Dr. Rahim Khan [illegible] فرماتے ہیں کہ اس مرض کا علاج بذریعہ قابضات و مقویات مثلاً گیلک ایسڈ و مرکبات فولاد و دیگر [illegible] مفید ہے ۔

Dropsy

ڈراپسی

تمام جسم کی خانہ دار جھلیون مین پانی جمع ہو تو اناسارکا اور عضلاتی ریشون مین ہو تو اڈیما کسی اندرونی عضو کے خانہ یا خانہ دار جھلی یا دونون مین جمع ہو تو ڈراپسی کہتے ہین لیکن بموجب سبب حالت وغیرہ کے اسکے اور بھی بہت نام رکھے گئے ہین مثلاً جب مرض کے سبب سے ہو تو اکٹو ڈراپسی ـ جب ضعف یا قلب کی طرف جو دوران خون ہوتا ہے اسمین دباؤ پڑنے سے ہو تو پیسو ڈراپسی بولتے ہین - اندرونی اعضا کی ساخت مین مرض ہونے سے ہو تو اسی کے بموجب نام رکھا جاتا ہے یعنی گردہ کے سبب سے ہو تو رینل ڈراپسی دل کے سبب سے ہو تو کارڈیک ڈراپسی طحال کے سبب سے ہو تو اسپلینک ڈراپسی - جگر کے سبب سے ہو تو ہپاٹک ڈراپسی وغیرہ - جن خاص مقامات مین اجتماع آب ہو تو وہ لوکل ڈراپسی ہے یعنی دماغ کے خانون مین ہو تو ہیڈرو کیفیلس حجاب الریہ مین ہو تو ہیڈرو تھوراکس حجاب القلب مین ہو تو ہیڈرو پرکارڈیم پرٹینیم مین ہو تو اسائٹس یعنی استسقا اور [illegible] مین ہو تو [illegible] ڈراپسی [illegible] فوطون کے غلاف مین ہو تو ہیڈروسیل وغیرہ - اور جسم کی تمام خانہ دار جھلی مین پانی جمع ہو تو اناسارکا اور اسکے ساتھ کسی اندرونی عضو مین بھی ہو تو اسے جنرل ڈراپسی بولا جاتا ہے +

پس اوپر کے بیان سے یہ بات بخوبی ظاہر ہوتی ہے کہ ڈراپسی خود ایک مرض نہین ہے بلکہ یہ ایک علامت بہت سے امراض کی ہے +

علاج

ڈاکٹر رابرٹس صاحب H. J. Roberts M.D. فرماتے ہین کہ
مقام ماؤف کو صاف و خشک اور اونچا رکھنا مثلاً ٹانگون مین اناسارکا ہے تو تمام جسم سے
انکو اونچا رکھنا اور ٹانگون پر پٹی وغیرہ سے دباؤ پہنچانا ۔ رقیق اشیا کم دینا ۔
پسینہ خارج ہونیکے لئے گرم غسل کرانا مناسب ہے خاصکر رینل ڈراپسی مین غسل سے
بہت فایدہ ہوتا ہے ۔ مسہل کیواسطے یہ دوائین دیتے ہین ۔ اکسٹراکٹ آف الاٹیریم
۱/۲۰ حصہ گرین سے نصف گرین تک ۔ جیلپ ایک اسکروپل سے ایک ڈرام تک ۔ کریم
آف ٹارٹر ایک ڈرام سے دو ڈرام تک ۔ اور ادرار بول کے لئے یہ نسخہ بہتر ہے

نسخہ

℞

Ext. elaterii gr. V.	۵ گرین	اکسٹراکٹ آف الاٹیریم
Pulv. scillae	۲۰ گرین	اسکوئل پوڈر
Pulv. digitalis aa gr. xx	[illegible] گرین	[illegible] پوڈر
Ext. hyoscyami gr. xxx	۳۰ گرین	اکسٹراکٹ آف ہایوسایمس
M. to make twenty pills - one every other night.		سبکو ملاکر بیس گولیان بنائین اور ایک گولی ہر تیسری شب دین ۔

ڈاکٹر ڈیوس صاحب Prof. Davis M.D. فرماتے ہین
کہ چونکہ سوزش یا اور دورن مین خون کی رکاوٹ یا خون کی ماہیت مین فرق ہونیسے
یہ مرض ہوتا ہے بدینوجہ اسکا علاج بموجب اسباب کے کرنا چاہئے مثلاً دل کمزور ہو اور

دو بکرون کے اپنا عمل عمدگی سے نہ کرتے ہون تو یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ

Rx.

Ext. fl. scutellariae ℥ iiss. — ڈھائی اونس — فلوئڈ ایکسٹراکٹ آف اسکیوٹیلیریا

Tinct. digitalis ℥ i — ایک اونس — ٹنکچر آف ڈیجیٹیلیس

Tinct. hyoscyami ℥ ss — نصف اونس — ٹنکچر آف ہایوسایمس

Potassii nitratis ʒ iii — تین ڈرام — نائٹریٹ آف پوٹاس

M. — سب کو ملا کر ایک ٹی اسپون فل تین تین گھنٹہ بعد دیتے ہیں ۔

A teaspoonful three hours.

[illegible] جن کے ہاتھ پاؤن سے دو سیاہی ہو جاتی ہو [illegible] لگانے سے رفع ہو جاتا ہے ۔ اور [illegible] کا [illegible] پر کچھ اثر نہ ہوتا ہو تو بوجہ کمزوری اعصاب کے [illegible] نسخہ [illegible] دینے سے اثر ہونے لگتا ہے ۔

نسخہ

Rx.

Strychniae sulph. gr. 1/8 — [illegible] گرین — سلفیٹ آف اسٹرکنیا

Ferri citratis gr. iii — [illegible] — سائٹریٹ آف آئرن

M.

For one pill. One three times a day. — یہ ایک گولی کی مقدار ہے ایسی تین گولی [illegible] روز

Dr. Walshe.

[illegible] حیا

[illegible] جب جوف [illegible] میں خون بمقدار [illegible] کی کثرت [illegible] اور [illegible] کا اور نہایت کمزوری [illegible]

[illegible] سینہ پر سینگی لگا کر تھوڑا خون نکالدینے سے بہتر ہوگا کہ [illegible] کا [illegible]

الائیٹریم مصارہ ہونہ۔ بائی ٹارٹریٹ آف پوٹاش۔ کمپونڈ جیلپ پوڈر وغیرہ مستعمل

ہیں اس مرض میں مستعمل ہیں اور یہ نسخہ بھی مفید ہے

Rx.

نسخہ

Ext. elaterii gr. 1/2 — ایکسٹرکٹ آف الائیٹریم ½ گرین

Creasoti gtt. j. — کریازوٹ ایک قطرہ

Ext. hyoscyami gr. ii — ایکسٹرکٹ آف ہایوسائمس ۲ گرین

m.

For one pill — یہ ایک گولی کی مقدار ہے ایسی گولیاں حسب

To be repeated as required. — ضرورت دے سکتے ہیں

گردہ پر سینگیاں لگانے سے سلات کا اثر خوب ہوتا ہے اور ڈیجیٹیلس کا جوشاندہ تمام مدرات سے بہتر ہے

آبی سلات مدرات وغیرہ کے اثر روک دیتے ہیں اسلئے سوتے وقت قلیل المقدار دیور کا کھلانا مناسب ہے

[illegible] ان فائدہ نہیں ہوتا اگر ہاٹ ایئر باتھ کے ذریعہ سے پسینہ لانا مفید ہو

پرنکا ٹینس ہو یو الا [illegible] بلغم دوائیں دیتے ہیں [illegible] دات [illegible] میں فائدہ [illegible]

ہوتا تو بذریعہ اوزار [illegible] کا پانی خارج کرتے ہیں لیکن جا بجا سوزش ہونیکا اندیشہ ہو تو

اسکار یفیکیشن سنڈر سے اسکے بعد اگر کاپیس ہو جاتا ہے کہ ان میں اندر سے [illegible]

کرنے سے کچھ نقصان نہیں ہوتا

ڈاکٹر مرچیسن صاحب C. Murchison M.D. رقمطراز ہیں

کہ علاج مندرجہ ذیل استسقا میں زیادہ فائدہ بخش ہو جو سیروسس کے باعث سے ہوتا ہے

نسخہ

Rx.

Pulv. scillae, gr. iss — ڈیڑھ گرین — اسکوئلس پوڈر

Pulv. digitalis, gr. ss — نصف گرین — ڈجی ٹیلس پوڈر

Pil. hydrarg. gr. ii — ۲ گرین — مرکیوری پل

M.

For one pill, two or three times a day.

مکس ایک گولی بنائیں اور ایسی دو یا تین گولیاں روز دیں

مندرجہ بالا گولیوں کی ہر مقدار کے ساتھ نسخہ دینا چاہئے

نسخہ

Rx.

Potassii acetatis, gr. xx, — ۲۰ گرین — ایسیٹیٹ آف پٹاس

Spt. aetheris nitrosi, f ʒ ss, — نصف ڈرام — نائٹرک ایتھر

Decocti scoparii, f ℥ iss — ڈیڑھ اونس — ڈیکاکشن آف بروم

This for a dose. M. — یہ ایک مقدار ہے

علامات مذکورہ کے ساتھ [illegible] اور ایسیٹیٹ آف [illegible] وزن ملا کر [illegible]

R. J. Graves M.D. — ڈاکٹر گریوس صاحب

[illegible] گردہ کا فعل زیادہ کرنیکے لئے یہ نسخہ بہتر ہے

نسخہ

Rx.

Potassii nitratis, — ایک ڈرام — نائٹریٹ آف پٹاس

Potass. carb. aa ʒ j. — ایک ڈرام — کاربونیٹ آف پٹاس

Tinct. scillae, — ۳۰ منم — ٹنکچر آف اسکوئل

Tinct digitalis gtt. XXX	۳۰ بوند	ٹنکچر آف ڈجی ٹیلس
Mellis despumati, f℥ii	۲ اونس	کلیریفائیڈ ہنی
M. For an electuary. To be taken in teaspoonful doses.		سبکو ملاکر چٹنی سی بنالیں اور بقدار ایک ٹی اسپون فل تین چار روز تک دیں ۔

نسخہ مندرجہ ذیل مختلف قسم کی ڈراپسی میں سب کے فائدہ کے واسطے دیتے ہیں ۔

نسخہ

℞

Oxymellis scillae, f℥iss,	ڈیڑھ اونس	اوکزیمل آف اسکوئیل
Potass. bitratis, ℥iii	تین اونس	بائی ٹارٹریٹ آف پوٹاش
M. Dose, a tablespoonful		مقدار خوراک ایک ٹیبل اسپون فل ہے ۔

Dr Guibert, Paris - ڈاکٹر گوبرٹ صاحب

فرماتے ہیں کہ اس مرض میں نسخہ مندرجہ ذیل مفید ہے ۔

نسخہ

℞

Tinct scillae,	[illegible]	[illegible]
Tinct. digitalis,	۳ ڈرام	ٹنکچر آف ڈجی ٹیلس
Tinct. colchici āā ʒiii	۳ ڈرام	ٹنکچر آف کالچیکم
Linimenti camph. f ʒvi	۶ ڈرام	کیمفر لنیمنٹ
Aquae ammon. f ʒiss	ڈیڑھ ڈرام	سولیوشن امونیا
M. To be rubbed.		سبکو ملاکر پیٹ اور جانگھوں پر ملیں ۔

ڈاکٹر پورکر صاحب Dr Porcher - فرماتے ہیں

نسخے مندرجہ ذیل بہت مفید ہیں۔

نسخہ

Rx.

Sodii sulph. ایک اونس سلفیٹ آف سوڈا

Potassii bitratis aa ℥j ایک اونس بائی ٹارٹریٹ آف پوٹاس

Spt. aetheris nit. ʒiiss ڈھائی ڈرام نائیٹرک ایتھر

Syrupi, ℥j. ایک اونس سمپل سیرپ

Aquae f℥vss. ساڑھے پانچ اونس واٹر

A tablespoonful twice daily- سبکو ملاکر ایک ایک ٹیبل اسپون فی خوراک دن میں دو بار دیں۔

نسخہ

Rx.

Tinct. cantharidis f ʒiss. ڈیڑھ ڈرام ٹنکچر آف کینتھرائڈس

Spt. aetheris nit. ʒij ۲ ڈرام اسپرٹ نائیٹرک ایتھر

Syrupi aurantii corticis, ℥j ایک اونس سیرپ آف اورنج پیل

Aquae foeniculi f℥viii آٹھ اونس فنل واٹر

A tablespoonful two or three times a day. ان میں سے ایک ایک ٹیبل اسپون فی خوراک دیا جاوے دن میں دو تین مرتبہ دیں۔

Prof. A. Gubler. Paris, ڈاکٹر گبلر صاحب

فرماتے ہیں کہ مختلف قسم کی ڈراپسی میں نسخہ مندرجہ ذیل کا دینا بہتر ہے۔

نسخہ

Rx.

Tinct. digitalis,	آدھا ڈرام	ٹنکچر آف ڈیجی ٹیلس
Ext. ergotae fl. āā f℥ss	آدھا ڈرام	لقوڈ ایکسٹراکٹ آف ارگٹ
Acidi gallici ℈j	ایک اسکروپل	گیلک ایسڈ
Potassii bromidi ʒii	۲ ڈرام	برومائیڈ آف پٹاسیم
Aquae lauro-cerasi fʒii	۲ ڈرام	لارل واٹر
Syrupi f℥iii	تین اونس	سمپل سیرپ
Oxymellis scillae, f℥iv	۴ اونس	اوکزیمل آف اسکوئل

M.

A tablespoonful in water two or three times a day.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹیبل اسپون فی قدر سے پانی کے ہمراہ دو تین دفعہ یا تین بار دن میں ۔

نسخہ

Rx.

Scillae pulv.	چار اسکروپل	اسکوئل پوڈر
Digitalis pulv. āā ℈iv	چار اسکروپل	ڈیجی ٹیلس پوڈر
Scammonii ℈iv	چار اسکروپل	سکیمونی پوڈر
Syrupi q.s.	حسب ضرور	سمپل سیرپ

M.

Divide into 100 pills, from one to five a day.

سب کو ملا کر سو گولیاں بنالیں اور ایک گولی سے پانچ گولی تک دن بھر میں دیں ۔

H. W. Fuller M.D. London - ڈاکٹر فلر صاحب

فوائد نسخہ نسخہ مندرجہ ذیل کا استعمال کرنا اور زیریں اعضا میں سوزش ہو تو بار بار مسہل دینا بہتر ہے

نسخہ

Rx.

Scillae pulv. — ایک گرین — اسکوئلی پوڈر

Digitalis pulv. — ایک گرین — ڈیجیٹیلیس پوڈر

aa gr. j

Potassii nitratis — ۵ ڈرام — نائیٹریٹ آف پٹاش

ʒ v. M.

Divide into 15 powders – one or two a day.

سبکو ملاکر پندرہ پڑیان بنائیں اور ایک یا دو پڑیا ہر روز دن میں دیں ۔

نسخہ

Rx.

Potassii sulph. — ڈیڑھ ڈرام — سلفیٹ آف پٹاش

Potassii bitratis, — ڈیڑھ ڈرام — بائی ٹارٹریٹ آف پٹاش

Potassii nitratis — ڈیڑھ ڈرام — نائیٹریٹ آف پٹاس

aa ʒ iss

Digitalis pulv. gr. xv — ۱۵ گرین — ڈیجیٹیلیس پوڈر

M.

Divide into twenty powders – From one to three a day.

سبکو ملاکر بیس پوڑیان بنائیں اور دن بھر میں ایک سے تین تک دیں ۔

Dr. W. R. Basham London

ڈاکٹر بیشم صاحب فرماتے ہیں کہ جب پیشاب کم ہوتا ہے اور اسکا رنگ شیری کا سا چمکدار ہوتا ہے ۔

نسخہ

Rx.

Liq. ammon. acetatis fʒ j — لائیکوئر آف ایسیٹیٹ آف امونیا ایک ڈرام — سولیوشن آف ایسیٹیٹ آف امونیا

Acidi acetici dil. fʒ iss — ڈیڑھ ڈرام — ڈائیلیوٹ ایسیٹیک ایسڈ

Tinct. ferri chloridi fʒ ii — دو ڈرام — ٹنکچر آف کلورائیڈ آف آئرن

Aquae, f. ℥ viii	۸ اونس	پانی

Dose - two table- اوّل پہلی دونوں دواؤں کو ملا کر پھر [illegible]
spoonfuls three دوا شامل کرین مقدار خوراک دو دو ٹیبل اسپون
or four times a day. فل دن مین تین یا چار بار دین

St. Mary's Hospital London. سینٹ میریز ہاسپٹل لنڈن

لنڈن کے سینٹ میریز ہاسپٹل مین تیز مسہل کے طور پر اکثر استسقا مین [illegible] یہ نسخہ مستعمل ہے

Rx. نسخہ

Elaterii gr. 1ss.	ڈیڑھ گرین	الاٹیریم
Ext. hyoscyami,	دو گرین	اکسٹراکٹ آف ہایوسایمس
Ext. gentianae	دو گرین	اکسٹراکٹ آف جنشین
aa gr. ix		

Divide into 10 pills. M. انکی دس گولیاں بنا کر ایک ایک تین گولی [illegible]

Dr. Rahim Khan - ڈاکٹر رحیم خان صاحب

زیادہ تر مین اگر دورہ کیش یا بخار سے ہو تو اسکو دفع کرنا - کمزوری ہو تو مقویات دینا -
[illegible] یا اجتماع خون ہونے سے ہو تو تنقیہ کرنا چاہیے
پانی کم کرنیکے لئے مسہلات و مدرات و معرقات کا دینا بہتر ہے مگر گردون کی خرابی سے یہ مرض ہو
تو مدرات دینا نہیں دیتے - اور پانی زیادہ جمع ہونے سے تنفس مین دقت یا اور کوئی تکلیف ہو
بذریعہ اوٹار کے پانی نکال دیتے ہین

Dyspepsia.

ڈسپیپسیا -

ڈسپیپسیا کو عام انگریزی زبان میں انڈائجسچن طبابت میں سوء ہضم یا بدہضمی بھاکا میں اجیرن کہتے ہیں ۔

اگرچہ بدہضمی ایک مشہور اور عام مرض ہے لیکن کھانا ہضم نہ ہونے سے کمزوری ہوکر بہت سے امراض کے پیدا ہونیکا اندیشہ ہو جاتا ہے اور چونکہ اس مرض کا اثر معدہ کے دیگر اعضاء پر بھی ہوتا ہے جس سے اسکی علامات ایسی مختلف ہوتی ہیں کہ ناتجربہ کار طبیب کو بدہضمی کا گمان بھی نہیں ہوتا پس اس مرض کی علامات کو خوب غور سے دیکھکر علاج کرنا مناسب ہے ۔

اسباب بدہضمی کا غذا کی بے اعتدالی ہے خواہ کم چبا کر کھانے سے ہو ۔ یا زیادہ کھانے یا ثقیل یا ناموافق اغذیہ کھانے ۔ یا کھانا کھاتے ہی جسمانی یا روحانی محنت کرنے سے مگر اسکے علاوہ غلیظ و کثیف رہنے ۔ ضعف و نقاہت ہونے ۔ بار بار قہوہ یا تماکو یا شراب یا افیون یا گرم مصالحات کا بکثرت استعمال کرنے ۔ تیز مسہلات بار بار لینے ۔ جگر و لبلبہ و طحال کے امراض ۔ وجع مفاصل ۔ سل وغیرہ لاحق ہونے سے بھی یہ مرض ہو جاتا ہے ۔

اس مرض کی علامات کا کچھ ٹھکانا نہیں کبھی بھوک کم ہو جاتی ہے جسے انوریکسیا کہتے ہیں اور کبھی بھوک بڑھ جاتی ہے جسے بولیمیا بولتے ہیں کبھی قبض ہوتا ہے کبھی دست آنے لگتے ہیں گاہے خالی معدہ میں درد ہوتا ہے اور غذا کھانے سے رفع ہو جاتا ہے گاہے کھانا کھانے کے بعد فوراً درد شروع ہوتا ہے اور جب تک غذا قے کے ذریعہ سے نہ نکل جائے یا ہضم نہ ہو جائے درد ہوتا رہتا ہے ۔ علاوہ اختلاف علامات کے شکم کی علامتیں ایسی ہوتی ہیں کہ مریض کیا طبیب بھی دھوکا کھا کر بدہضمی کے علاوہ دوسرا مرض سمجھنے لگتا ہے مثلاً دل پر خفیف در

جلن ہونے سے دلکا سر میں درد ہونے سے سر کا انبار تا ہین فرق آنے سے آنکہ کا ساعت میں
فرق آنے سے کان کا مرض سمجھا جاتا ہے اور تشخیص میں غلطی کرنیکا بڑا سبب یہ ہوتا ہے کہ اکثر
کا مریض چونکہ اکثر ہائپوکانڈریا کا اوس سے یعنی مراق میں مبتلا ہوتا ہے بعینہ جو ذرا سی اسکو تکلیف
کسی بات کی ہو تو بہت بڑا کر بیان کرتا ہے اور خفیف مرض کو بھی نہایت مہلک سمجھتا ہے کہ سست
و پست ہمت و کاروبار سے متنفر ہوجاتا ہے ۔ غرضکہ اسکا مفصل بیان تو بہت سا ہے مگر
مختصر علامات یہ ہیں ❊

بھوک نہ لگنا ۔ جی متلانا ۔ قے ۔ نفخ و قراقر ہونا ۔ چھاتی کا جلنا ۔ معدہ میں درد یا گرانی
یا توانائی ۔ زبان میلی ۔ سستی ۔ قبض یا اسہال ۔ درد و دوران سر ۔ دل دھڑکنا
دولیر پسلیوں و سینہ کا درد ہونا ۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا و کانوں میں سن سن کی آواز آنی ۔ دست
و پا سرد رہنا ۔ نبض کا غیر مساوی و رک رک کر چلنا ۔ منہ میں پانی بھر بھر آنا ۔ مریض کا وہمی
ہوجانا ۔ ڈکاریں آنا ۔ خوفناک خواب دکھائی دینا ۔ کمر یا ہاتھ پاؤں میں درد ہونا ۔ تنگیت
تنفس ہونا وغیرہ ❊

اس مرض کو دو قسموں پر منقسم کیا ہے ایک ایکوٹ دوسرے کرانک چنانچہ کرانک یعنی مزمن کی
علامات تو وہی ہیں جو پیچھے بیان ہوئیں اور ایکوٹ میں علاوہ ان علامات کے ڈکار و بیخوابی کے بخار
بھی ہوتا ہے چھاتی جلتی ہے منہ میں پانی بھر بھر آتا ہے زبان پر کچے گوشت کی مانند اور نبض کی
حرکت ذرا کم اور بھری ہوئی ہوتی ہے ❊

علاج

ڈاکٹر برسٹو صاحب J. S. Bristowe M. D. فرماتے ہیں کہ

اس مرض کے علاج میں اسباب کا بہت لحاظ کرنا چاہیے مثلاً دیکھیں کہ دانتوں کا کیا حال ہے اور مریض چبا کر کھاتا ہے یا نہیں۔ کھانا قاعدہ کے مطابق اور زود ہضم غذا ہے یا کیسی۔ معدہ کی حالت کو دیکھ کر سمجھنا چاہیے کہ بدہضمی خود مرض ہے یا علامت دوسرے مرض کی ہے۔ مرض بدہضمی میں صفائی آب و ہوا و لباس و خوراک وغیرہ کا خیال رکھنا۔ اور مناسب ورزش کرنا مناسب ہے۔

ڈاکٹر کنز صاحب Dr. C. F. Kunze فرماتے ہیں

کہ نمک و الکحل کا اشیاء سے پرہیز کرنا۔ اور بجائے اوقات مختلف کے ایک وقت میں قلیل المقدار کھانا کھانا۔ پانی گرم پینا۔ گیاسٹرک جوس میں ہیڈروکلورک ایسڈ کی کمی ہو تو نسخہ مندرجہ ذیل دینا مناسب ہے۔

نسخہ

Rx.

Acidi hydrochlorici dil.	gtt. x	١٠ منم	ہیڈرو کلورک ایسڈ
Aquae	f ℥ iv	٤ اونس	پانی
Syr. simplicis	f ℥ j	ایک اونس	سمپل سیرپ

1 tablespoonful every two hours.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹیبل سپون فل دو دو گھنٹہ بعد دیں۔

اگر معدہ میں غذا کا خمیر ہو جاتا ہو تو قے دو یا اسٹمک پمپ کے ذریعہ سے نکال کر یہ دوا دیں۔

نسخہ

Rx.

Sodii sulph.	ʒ ii	٢ ڈرام	سلفیٹ آف سوڈا
Aquae	f ℥ iv	٤ اونس	پانی

آسمین سے ایک ایک ٹیبل اسپون فل یعنی A tablespoonful
تین چار دفعہ دین three or four times a day.

ڈاکٹر گبنس صاحب Dr. H. Gibbons فرماتے ہیں
کہ پانچ قطرے ڈائلیوٹ ہیڈرو کلورک ایسڈ کے ایک ٹیبل اسپون فل پانی میں ملا لیں اور کھانا کھانیکے بعد بوجہ سا پیٹ میں معلوم ہوتا ہو تو دوا مذکورہ بالا میں سے چار پانچ قطرے کھانا کھانے کے پہلے پلپسی دینے سے فایدہ ہوتا ہے

ڈاکٹر برنیو صاحب Dr. I. Burneo Yeo. رقمطراز ہیں
کہ بدہضمی کے ساتھ قبض بھی ہو تو ملین ادویہ مثلاً ہر صبح ایک ڈیزرٹ اسپون فل روغن بیدانجیر دینے سے جب تک اجابت صاف نہ ہو کھانا نہ کھلائیں۔ حیوانی اغذیہ دکھن و چار و غیرہ دلگر کو و دیگر گرم یا سرد سیال اشیاء بالکل پرہیز کرائیں مگر کسی قدر برانڈی کے ساتھ دودھ یا کلارٹ شراب مع پانی۔ اور بجائے مکھن کے لین تاثیر رکھنیوالے اسٹیبل و جیلی و مربہ وغیرہ دے سکتے ہیں

فوراً بعد از طعام گریازوٹ کی گولی یا کاربونیٹ آف میگنیشیا یا اکسٹرکٹ آف ہوپ دینے سے فائدہ ہوتا ہے اگر قبض ہو تو ادس گرین گال وریونسنی کی ... ملا کر گولی بنا کر صبح شام کھانا کھانیکے بعد دینا چاہیے اور یہ نسخہ بھی بدہضمی و قبض میں مفید ہے

نسخہ

Rx

Sodii sulph. ʒj.	ایک ڈرام	سلفیٹ آف سوڈا
Tinct nucis vomicae f.ʒv.	۵ ڈرام	ٹنکچر آف نکس وامیکا
Aquae f.℥iv	۴ اونس	پانی

M.

A teaspoon- شکر ملا کر ایک ٹی اسپون فل دن میں تین بار کھانا
ful thrice daily - کھانے کے بعد دیں ۔

ڈاکٹر ٹامس صاحب Prof. T. G. Thomas فرماتے ہیں کہ
اس مرض میں نسخہ مندرجہ ذیل مفید ہیں ۔

Rx. **نسخہ**

Magnesiae sulph. ℥ii	۲ اونس	سلفیٹ آف میگنیشیا
Ferri sulph. gr. xvi	۱۶ گرین	سلفیٹ آف آئرن
Acidi sulph. dil. f℥j.	ایک ڈرام	ڈائیلوٹ سلفیورک ایسڈ
Aquae, Oj.	ایک پائنٹ	پانی

m.

Two tablespoon- شکر ملا کر دو ٹیبل اسپون فل ایک پیالہ
fuls every morn- برف کے پانی کے ساتھ علی الصباح پلا دیں ۔
ing -

Rx. **نوع دیگر**

Potass. et sodii tartratis, ℥ii	۲ اونس	ٹارٹریٹ آف سوڈا اینڈ پوٹاس
Vini ferri amari, f℥iii	۳ اونس	بٹر وائن آف آئرن
Acidi tartarici ʒiii	۳ ڈرام	ٹارٹرک ایسڈ
Aquae, f℥xii	۱۲ اونس	پانی

m.

Dose, two اس میں سے دو دو ٹیبل اسپون فل ایک پیالہ
tablespoonfuls - برف کے پانی میں ملا کر صبح کے کھانے سے پہلے
پلائیں اور ایک مقدار سے فائدہ نہ ہو تو دو دیں

دو تین خوراکیں دے سکتے ہیں ۔

نوع دیگر

Rx.

Quiniae sulph. ℈ii	۲ اسکروپل	سلفیٹ آف کونین
Ferri sulph. ℈i	ایک اسکروپل	سلفیٹ آف آئرن
Acid sulph. aromat. gtt. x	۱۰ منم	ایرومیٹک سلفیورک ایسڈ
Mucilaginis acaciae q.s.	حسب ضرورت	گم میوسلیج

Divide into 20 pills. One to be taken three times a day.

سب کو ملا کر بیس گولیاں بنا لیں اور ایک ایک گولی دن میں تین بار کھانا کھانے سے پیشتر دیں ۔

ڈاکٹر برنٹن صاحب Dr. W. Brinton, London فرماتے ہیں کہ بدہضمی میں خاصکر مردوں کی نسبت عورتوں کو مرکبات فولاد سے بہت فائدہ ہوتا ہے جنکو فوراً کھانا کھانیکے بعد دینا چاہیے مگر غثیان و خراش معدہ ہو تو نہ دیں ۔ چونکہ فیرو سنگ سالٹ [illegible] ہوتے ہیں [illegible] انکو گو مرد معدہ بھی ہضم کر سکتا ہے اور کاربونیٹ یا ٹارٹریٹ یا سلفیٹ یا کلورائیڈ کا دینا ہو تو مقدار میں اور زیادہ جل کرکے دینا مناسب ہے مثلاً سائٹریٹ دس گرین دیں تو سلفیٹ کی مقدار دو گرین اور ٹنکچر کلورائیڈ کی مقدار سات آٹھ قطرے آدھ چھٹانک پانی کے ساتھ ملا کر دینا کافی ہوتا ہے ۔ مگر اوکسائیڈ و دیگر مرکبات فولاد جو حل پذیر ہوتے ہیں انکا دینا جایز نہیں ہے ۔

بدہضمی میں سلفیٹ آف زنک یا اوکسائیڈ آف زنک کے ساتھ لوہے کے نمک ملا کر دے جاویں تو اور بھی زیادہ موثر ہوتے ہیں ۔

ڈاکٹر لیپر وٹنا صاحب Dr. A. Leared, London فرماتے ہیں
کہ صرف یہی اخراج ریاح بہت سے مریضوں میں نہیں بلکہ اکثر معدہ کی قوت انقباض کمزور ہونے سے بھی بدہضمی
ہو جاتی ہے پس اسلئے کھانا کھانے سے پہلے صبح کو کھانا اٹھا لینا چاہئے اور معدہ کا فعل بگڑ
گیا ہو تو اسٹرکنیا سے بہت فائدہ ہوتا ہے لیکن اسکی مقدار ایک تیسواں حصہ گرین سے زیادہ اور گولی
کی شکل میں دینا مناسب نہیں ہے

نفخ شکم تا کل سے کم ہوتا ہے اور فالج کے سبب ریاح کا اخراج نہ ہوتا ہو تو چارکول کیپسول کا
دینا مفید ہے

ڈاکٹر چارٹیرس صاحب M. Charteris M.D. فرماتے ہیں
اگر بدہضمی کی مختلف علامتوں کا یون علاج کرنا چاہئے کہ ہو کہ نہ لگتی ہو تو یہ نسخہ دیں

نسخہ

Rx.

سکویی کاربونیٹ آف امونیا — ایک ڈرام — Ammon. sesqui-carb. ℨi
بائی کاربونیٹ آف پٹاس — ڈیڑھ ڈرام — Potass. bicarb. ℨiss
انفیوزن آف چرائتہ اتنا کہ سب چھ اونس ہو جائے — Infusum chiratae ad f. ℥vi
ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل دین — A teaspoonful
تین بار دیں — thrice daily.

نفخ و ڈکار و ریاح و معدہ کی شکایات دور کرنیکے لئے یہ نسخہ مفید ہے

Rx.

نسخہ

کمپونڈ ٹنکچر آف کارڈمم — ۴ ڈرام — Tinct. cardamom. comp. f. ℨiv
ایسڈ ہائیڈروسیانک ڈائلیوٹ — ۴۰ منم — Acid hydrocyanic. dil. ♏xl.

Spts. ammon. aromat. f.ʒii	۲ ڈرام	ایرومیٹک سپرٹ آف امونیا
Tinct. zingiberis, f.ʒiii	۳ ڈرام	ٹنکچر آف جنجر
Spt. chloroform. f.ʒii	۲ ڈرام	اسپرٹ آف کلوروفارم

Aq. carui ad f.℥vi M. — کیروے واٹر اتنا کہ چھ اونس ہو جاوے

A tablespoon- — سبکو ملاکر بوقت ضرورت ایک ٹیبل اسپون ل

spoonful occasionally. — اسپون سے پلاوین۔

جب ڈکار کے ساتھ سڑے ہوئے انڈے کی سی بو آوے تو معلوم ہوتا ہے کہ سلفیوریٹڈ ہیڈروجن ہوا نکلتی ہے سبب اسحالت مین کوئلہ کے بسکٹ یا کریازوٹ یا کاربولک ایسڈ کا دینا مناسب ہے۔ کلیجہ جلتا ہو تو ایک سیب کا کھا لینا یا سولیوشن آف بسمتھ پلانا مفید ہے۔

گیسٹروڈینیا ہو تو ایک تیز مسہل دینے کے بعد کارمنیٹو ادویہ سے فایدہ ہوتا ہے۔

واٹر برشن یعنی جب منھ مین پانی بھر بھر آتا ہو تو جس غذا سے یہ کیفیت ہو اسکو نہ کھلاؤ اور کمپونڈ کائنو پوڈر دین۔

ڈاکٹر لوئس صاحب Dr. D. Lewis فرماتے ہیں

[illegible] ہو تو یہ نسخہ مفید ہے۔

نسخہ

Rx.

Pulv. rhei, ʒj	ایک ڈرام	روبرب پوڈر
Sodii bicarb. ʒiss	ڈیڑھ ڈرام	بائی کاربونیٹ آف سوڈا
Ol. menth. pip. gtt xii	۱۲ منم	آئل آف پپرمنٹ
Aquae, ℥iv M.	۴ اونس	پانی

سبکو ملاکر ایک ٹیبل اسپون فل قبل A tablespoonful
ازطعام دین ۔ before meals.

سودہ ہضمی کی گولیان بھی لیتے ہین جنکو عندالضرورت سوتے وقت دین ۔

نسخہ Rx.

اکسٹراکٹ آف الموز	ڈہائی گرین	Ext aloës, gr iiss
اکسٹراکٹ آف بلاڈونا	چوتہائی گرین	Ext belladonnae,
اکسٹراکٹ آف نکس وامکا	چوتہائی گرین	Ext nucis vomicae, ää gr. ¼ M.

سبکو ملاکر ایک گولی بنا کر سوتے وقت دینا ۔ One at bedtime.

سودہ کا خراش سے قے و غثیان ہو تو یہ نسخہ مفید ہے ۔

نسخہ Rx.

سب نائٹریٹ آف بسمتھ	۴ ڈرام	Bismuth subnit, ʒiv
ڈائلیوٹ نائٹرک ایسڈ	۳ ڈرام	Acid. nitric. dil, ʒiii
ٹنکچر آف نکس وامیکا	ڈیڑہ ڈرام	Tr. nucis vom., ʒiss
پپرمنٹ واٹر	۴ اونس	Aq. menth. pip. ℥iv M.

سبکو ملا دین اور بمقدار ایک ٹی اسپون فل A tablespoonful
کہانا کہانے کے بعد خوب ہلا کر پلائین ۔ after meals.

ڈاکٹر جانسٹن صاحب Dr Johnston فرماتے ہین
کہ ایکوٹ ڈسپپسیا مین ولایتی پانی پلانا ۔ دو دو گرین بلوپل دن مین تین بار دینا ۔
سودہ پر پلسٹر لگانا اور یہ نسخہ دینا چاہئے ۔

Rx. نسخہ

نوشادر	ایک گرین	Muriate of ammonia, gr j
سوڈا	۳ گرین	Sodae bicarb. gr iii
روبرب پوڈر	۲ گرین	Rhubarb powder - gr ii
انفیوزن آف چرئیتہ	ایک اونس	Infusion chiretta, f. ℥ j
		m.
یہ ایک مقدار ہے ایسی تین مقدار دن میں تین بار دیں		This three times a day -

کرانک ڈسپیپسیا میں کاربوہیڈریٹس یعنی غذیہ کی کثرت اور تیز مصالحون سے پرہیز کرانا معدہ کو صاف رکھنا - اور کم مقدار میں بلوپل کھلانا - درد معدہ و ریاح دور کرنے کے لئے یہ نسخہ دینا مناسب ہے ؎

Rx. نسخہ

نوشادر	ایک گرین	Muriate of ammonia gr j
ایسافیٹڈا	ایک گرین	Assafoetida gr j
[illegible]	ایک اونس	Camphor water ℥ j
		m.
یہ ایک مقدار ہے ؎		This for a dose.

جب نسخہ مذکورہ بالا کے استعمال سے خوب اخراج ریاح ہو جاوے تو یہ نسخہ دیں ؎

Rx. نسخہ

کچلہ کا سفوف	۲ گرین	Nux vomica powder gr ii
رائی	۲ گرین	Mustard gr ii

ہینگ — Assafoetida, grs — ۔۔۔ گرین

سب کو ملا کر پانی میں جوش دیکر پلائیں ۔ — This for a dose in boiling water m.

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب — Dr Mir Ashrafali

غذا ازین کھانے مرض میں غذا کا پرہیز کرانا ضرور چاہئے یعنی ناموافق غذاؤں سے پرہیز کرائیں ۔ ایک وقت میں بہت زیادہ اور مختلف قسم کی غذا نہ کھائیں ۔ کھانا کھانے کے ساتھ یا اسکے بعد پانی نہ پئیں ۔ کھانا خوب چبا کر کھائیں ۔ افیون یا شراب یا چاء یا کافی کا استعمال بکثرت کرنے سے باز رہیں نفخ شکم ہو تو ترشیاں اور نفخ کرنیوالے میوجات سے احتراز کریں ۔

علاوہ بندوبست غذا کے جسم کو پاک صاف رکھنا اور معدہ کو قوت دینے کے لئے مقویات مثلاً چرایتہ و کونین وغیرہ کا استعمال کرنا اور اس گولی کا دینا مفید ہے ۔

نسخہ — Rx

روبرب پوڈر — ایک اسکروپل — Rhubarb powder ℈j

جنجر پوڈر — ایک اسکروپل — Ginger powder ℈j

چلیبز پوڈر — ایک اسکروپل — [illegible] ℈j

سب کو عرق پودینہ میں ملا کر بارہ گولیاں بنالیں — m.

اور ایک یا دو گولی کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پیشتر دیں ۔

ترش ڈکارین آتی ہون تو کاربونیٹ آف سوڈا یا میگنیشیا یا سولیوشن آف پٹاس وغیرہ ۔ قبض ہو تو ملینات ۔ یرقان ہو تو مرکبات پارہ ۔ اسہال ہو تو قابضات ۔ قے ہو تو ڈالیوٹ

ہیڈرو سیانک ایسڈ یا کریازوٹ۔ ہضم میں فتور ہو تو ڈالیوٹ ہیڈرو کلورک ایسڈ کے ساتھ
پپسین کا دینا مفید ہے ؛

ڈاکٹر تمیز خانصاحب ؛ Dr. Tamiz Khan فرماتے ہیں کہ

اس مرض کے علاج میں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہئیے۔ اسقدر محنت کریں کہ جس سے
تکان ہو۔ رات کو زیادہ نہ جاگیں خاصکر شب کو دیر تک لکھتے پڑھتے نہ رہیں۔ تفکرات
سے بھی دور رہیں۔ غذا کے بعد چہل قدمی کرنا ضرور رکھیں۔ تماکو وغیرہ کی عادت ہو تو
اسکو کم کر دیں۔ زیادہ کھانے سے بدہضمی ہو تو فاقہ کرنا اور معدہ کو بہت زحمت ہوئی ہو
تو تھوڑی تھوڑی غذا اور خراب قسم کی غذیہ موافق نہوں تو سگو یا ارارروٹ وغیرہ کھانا
اور بعدہ حسب برداشت معمولی غذا کا استعمال کرنا۔ منجملہ بقولات و فواکہات دکو بھی
وغیرہ کے صرف کوالہ کا کام میں لانا۔ شیرینی و شراب سے بالکل پرہیز کرنا مگر شراب کی عادت ہو
تو صرف اشیری شراب کھانا کھانیکے بعد تھوڑی سی اور سوڈا واٹر پینا۔ کھانا خوب چبا کر کھانا
کھانا بکا کیا یا جلا ہوا نہ ہونا۔ ایک قسم کی غذا کا ہی پابند نہ ہونا مناسب ہے ؛

دوائوں میں سے پپسین یا نائیٹرو میوری ایٹک ایسڈ یا رہ برب و اپیکا کوانا یا اپیکا کوانا لاز نجر
کا [illegible] دینا [illegible] کی بہت آتا ہو تو بسمتھ اور درد میں تسکین دینے کے لئے برف یا
[illegible] یا اسپرٹ کلوروفارم یا ڈالیوٹ ہیڈرو سیانک ایسڈ کا دینا مفید ہے۔
جگر کی خرابی سے ہو تو مرکبات پارہ و دیگر اکسٹراکٹ ٹرکزیم اور پنکریاٹک جوس کی
کمی سے ہو تو پنکریٹک ایکشن ؛ اور بعد آرام ہونے اصل مرض کے ضعف معدہ باقی رہ جائے

؛ سید ممتاز حسین ہیڈ [illegible] اسسٹنٹ مرحوم نے بہ ایام طالبعلمی جو کچھ خانصاحب ممدوح کے لکھے تھے انہیں
سے بیان کیا گیا ہے ؛

چراث اسٹیل بہ زیادہ ہوتا ہے ؛

ڈاکٹر رحیم خان صاحب Dr. Rohim Khan - فرماتے ہیں

کہ مرض بدہضمی میں جو مختلف علامات ہوتی ہیں انکا علاج اسطرح کرنا چاہیے کہ جب بھوک مرجائے یا زیادہ ہو جائے تو کلمبا یا جنشین یا چرائتہ یا کواشیا کے خیساندہ کے ساتھ ڈائلیوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ دیں ؛

کھانا کھانے کے بعد جلد یا دیر میں قے ہو تو افروسنگ ڈرافٹ اور کبھی تیزاب اور کبھی کھاری دوائیاں مثلاً سبنشن آف بسمتھ یا شیم لائم ہمراہ کلوروفارم پانی کے اور اخیر درجہ پر قلیل مقدار افیون یا اسٹرکنیا یا ڈائلیوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ یا کریازوٹ دینا۔ نیم معدہ پر رائی کا پلاسٹر لگانا غذا کا بندوبست کرنا چاہیے ؛

[illegible] معدہ میں جو ڈکار آئیں اور نفخ ہو تو پیپرمنٹ آئل یا سونف کا تیل یا زیرہ و سونٹھ میں اور کھانا کھانے کے بعد ہیڈ کنیٹ برو یپسین یا کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ پیشتر ڈائلیوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ یا ڈائلیوٹ نائٹرو میوریاٹک ایسڈ یا اس نسخہ کا استعمال کریں ؛

نسخہ

سٹرکٹ ریوند	۵ گرین	Ext. of Rhubarb gr. v.
سرخ مرچ کا سفوف	۲ گرین	Capsicum powder gr. ii
گولی بنا کر قبل از غذا کھلائیں ؛		M. make one pill -

معدہ میں سڑی بدبو آئے تو کوئلہ یا کریازوٹ کا دینا۔ قے کرانا۔ اور ڈکار کے ساتھ غذا یا اسکے ٹکڑے منہ میں آئیں تو الکلائن ادویہ دینا مناسب ہے ؛

اسٹرنم ہڈی کے نیچے درد ہو (جیسے کلیجہ جلتا ہوتے ہیں) یا گیسٹرڈ ڈینیا ہو تو کھار

دکھاؤں سے اور فوراً بعد غذا کے پیٹ میں درد ہو اور تا انہضام طعام یا جب تک کہ تمام غذا دور
نہ جائے تو نائیٹریٹ آف سلور سے کھانا کھانے کے تین چار گھنٹہ بعد درد ہو تو تو ڑا بعد غذا کے
کھاریوں کے پلانے یا قلیل المقدار افیون یا روبرب و سوڈا و بسمتھ تینوں ملا کر دینے
سے دفتاً فوقتاً نہایت شدید درد شکم ہو (جسکے ساتھ عورتوں کو ہسٹریا کی علامات بھی ہوجا
تین) اور دافع ریاح ادویہ دینے یا حقنہ کرنے یا فم معدہ پر رائی کا پلاسٹر لگانے یا
ڈائلیوٹ ہیڈروسیانک ایسڈ یا افیون یا بسمتھ یا کلورل کے استعمال سے - غرض کہ بیماری
والوں کو معدہ میں نہایت شدید تشنجی درد نوبت سے ہو تو سرڈ پلاسٹر لگانے اور لاڈنم
و ایتھر کے پلانے سے فائدہ ہوتا ہے؂

فوراً بعد غذا کے پیٹ میں بوجہ اسہال ہو اور کار دبانے سے تفریق ہوجائے تو اجیار یا ... کھلانا
اور کھانا کھانے سے پہلے ایک گولہ یا روبرب دینا مفید ہے؂

فم معدہ پر جلن معلوم ہو کر قے ہو جائے یا ڈکار کے ساتھ پانی سی پتلی بہکی یا جوش ...
(جسے واٹر برش کہتے ہیں) و دیگر علامات معدہ یا جگر کی ساخت کی خرابی سے ہوں تو کیموڑ
کا ... یا روزمرہ کو کئی قسمیں دوا مثلاً کمپونڈ روبرب پل یا پوڈوفلین ... اور
[illegible] دوا دینا بہتر علاج ہے؂

بیح السنم اور موافق غذا تھوڑی تھوڑی مقدار میں ایک عرصہ کے بعد دینا اور [illegible]
کی بات چیت سے تسکین اور اپنا اعتقاد انکے دل میں جما کر علاج کرنا چاہیے؂

Dysentery

ڈسنٹری

ڈسنٹری کو عربی مین قرحۃ الامعا اور فارسی مین پیچش ہندی مین سنگرہنی کہتے ہین اس مرض مین ایسا ہوتا ہے کہ مرطوب یا بارد یا بہت گرم یا ملیریا کا اثر ہونے یا خراب غذا کھانے یا خرابیٔ فضلہ امعا مین جمع ہونے یا ضعف و نقاہت وغیرہ سے بڑی آنتون کی لعاب دار جھلی مین سوزش ہو کر رفتہ رفتہ زخم پڑ جاتے ہین پھر سڑن ہو جاتی ہے ؞

ڈسنٹری کی قسمین بہت سی ہین مگر عموماً دو مشہور ہین ایک اکیوٹ یعنی شدید دوسری کرانک یعنی مزمن ہر دونون اقسام کا جدا جدا ذکر ہوگا ؞

Acute Dysentery

اکیوٹ ڈسنٹری

بڑی آنتون کے بالائی حصہ مین سوزش ہو تو کثیر المقدار پاخانہ مع خون و آنو خفیف مروڑے کے ساتھ خارج ہوتا ہے اور زیرین حصہ مین سوزش ہو تو تھوڑا تھوڑا پاخانہ زیادہ آنو ملا ہوا بہت درد و مروڑے کے ساتھ آتا ہے جب اس مرض کے ساتھ مثانہ کی جھلی مین بھی سوزش ہو جائے تو پیشاب بدقت ہوتا ہے یا بالکل بند ہو جاتا ہے شکم [illegible] سے اس مقام پر درد معلوم ہوتا ہے جہان سوزش زیادہ ہوتی ہے ابتداء مرض مین زبان سفید اور پھر سرخ و صاف و خشک دکھائی دیتی ہے ۔ رات کو بےچینی و بےخوابی صبح کو ماندگی و پست ہمتی ہوتی ہے ۔ ملیریا کا اثر ہو تو چندان بخار نہین ہوتا ۔ اگر آنتون مین زخم و سڑن ہو جائے تو پانی کی مانند پتلے بھورے رنگ کے خون اور سیاہ و سفید چھیچھڑے سے ہوئے بدبودار دست آتے ہین اور بخار کی زیادتی ہو جاتی ہے پیٹ تنجاتا ہے آخر الامر

سلام یا پیٹ سے خون جاری ہو کر مریض مرجاتا ہے ❖

اسہام مرض کے ساتھ کبھی کبھی چھوٹی انتڑیاں دیگر و طحال و گردے بھی مبتلا ہوجاتے ہیں ❖ اس مرض کی ابتدا میں کبھی تو قبض اور کبھی ایک وزا اسہال ہوتا ہے اور گاہے خونی دست آتے ہیں جیسے بنگالہ میں درد و مروڑ کے ساتھ خون آلودہ ہوئے دست آنے سے پہلے خونی دست بکثرت ہوتے ہیں ❖

علاج

ڈاکٹر فلنٹ صاحب A. Flint M.D. New York فرماتے ہیں کہ اگر پیچش وبائی ہو اور امعاء میں فضلہ جمع ہو تو ٹمن پیا بغیر دیگر اُسے نکالیں امعاء سوزش دار کو آرام سے رکھنے کے لئے افیون دیں - کو تشنج کی حاجت دور کرنیکو آب سرد حقنہ کریں ❖

وبائی پیچش میں مسہلات تو بالکل ناجائز ہیں مگر افیون اتنی مقدار میں کہ نارکوٹزم پیدا ہو اور دیگر قابضات مع افیون بالکلیہ دینا نہایت ضروری امر ہے ❖

[illegible] پیچش ہو تو کونین سے فائدہ ہوتا ہے ❖

ڈاکٹر اسکوالب Dr. C. Schwalbe [illegible] کہ تبدیلی موسم یا گرمی کی زیادتی سے پیچش ہو تو پانی کو خوب جوش دیکر ٹھنڈا کریں درجہ سو درجہ فارنہائٹ کی گرمی رہے تب ایک یا دو گیلن پانی بذریعہ حقنہ امعاء میں پہنچائیں تاکہ انتڑیاں خوب صاف ہوجائیں اور رجابات شروع ہوجائیں پیچش کے دنوں میں تین بار بہ ترکیب مذکورہ بالا حقنہ کرنا مناسب ہے کو تشنج کی تکلیف دور کرنیکے لئے یہ نسخہ دینا بہتر ہے ❖

نسخہ

Rx.

سلفیٹ آف اٹروپیا — ایک گرین — Atropine sulph. gr. j

آب مقطر — ایک اونس — Aquae destil. f. ℥j

M.

آ میں سے دو دو قطرے نصف نصف گھنٹہ — Two or three drops every half hour.

بعد دیں جب پتلی پھیل جائے اور گلا خشک ہونے لگے تو بند کر دیں۔

اسہال میں درد شدید ہو تو پیٹ پر مسٹرڈ پلاسٹر لگانے و نسخہ مندرجہ ذیل کے دینے سے بہت فایدہ ہوتا ہے۔

نسخہ

Rx.

ڈائلیوٹ ہیڈروکلورک ایسڈ — ۲ ڈرام — Acidi muriatici dil. f. ʒii

سلفیٹ آف مارفیا — ۲ گرین — Morph. sulph. gr. ii

آب مقطر — ۳ اونس — Aq. destil. f. ℥iii

M.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل دیں — A teaspoonful three or four times a day.

تین چار بار دیں۔

غذا اس مرض میں پتلی اور [illegible] مثلاً ایک پائنٹ دودھ کے [illegible] ٹھنڈا کر کے اس میں چار انڈوں کی سفیدی خوب ملا کر دینا مناسب ہے۔

ڈاکٹر میکلین صاحب Prof. W. C. Maclean M.D. فرماتے ہیں کہ

+ چونکہ سلفیٹ آف اٹروپیا کھانے کے کام میں نہیں آتا ہے بدیں وجہ اس کے دینے کے وقت ہوشیاری چاہئے۔

ابتداء مرض مین بمقدار پچیس یا تیس گرین اپیکا کوانا نہایت قلیل القدر سیال شئے کے ساتھ
دیکر تین گھنٹہ تک مریض کو پلنگ پر پڑا رہنے کو کہین اور اسکے اثنا مین کوئی سیال شئے نہ پلائین
اگر بہت ہی تشنگی کا غلبہ ہو تو ایک یا چار کا چمچ بھر کر پانی یا قدرے برف دین اور پیٹ پر رائی کا
پلاسٹر یا تارپین کا تیل لگائین ٭

اس ترکیب سے غثیان و قے بہت کم ہوتی ہے اور بعضے اسی مطلب کے حاصل کرنیکو اپیکا کوانا دینے
سے نصف گھنٹہ پہلے تیس قطرے لاڈنم کے یا چند قطرے کلوروفارم بھی دیدیتے ہین ٭

اس علاج سے بہت جلد فایدہ ظاہر ہوتا ہے یعنی درد اور کوتھنا رفع ہو جاتا ہی اور خوب پسینہ
آکر مریض سو جاتا ہے اور جب اوٹھتا ہے تو تازہ توانا ہوتا ہے ٭

عندالضرورت دوبارا بھی اپیکا کوانا بترکیب مذکور دیا دلا دے سکتے ہین اور بعد آرام ہو چکنے کے
بھی چند روز کم مقدار مین دینا مناسب ہے لیکن دو خوراکون کے درمیان اسقدر فاصلہ ہونا
چاہئے کہ مریض کچھ غذا کھا سکے اور جون جون مرض کم ہوتا جائے اپیکا کوانا کی مقدار بھی کم کرتے
جائین اور جب معمولی دست ہونے لگے تو صرف ایک یا دو روز شب کو احتیاطاً آٹھہ دس گرین
دوا مذکور دیکر بند کر دین - اور بغیر پیچش کے اسہال باقی رہے تو کوئی قابض دوا دیکر
[illegible] کرین مگر یہ خیال رہے کہ پیچش کی حالت مین قابضات کا دینا صرف بیفایدہ ہی نہین
بلکہ مضر بہت ہے ٭

خفیف پیچش مین مریض کو اتنی دیر تک گرم غسل دین کہ وہ گھبرانے لگے بعدہ خوب بدن پونچھکر
پلنگ پر لٹاکر پندرہ سے بیس گرین تک اپیکا کوانا آٹھہ آٹھہ دس دس گھنٹہ بعد دین اور سیال
اشیا بہت ہی کم پلائین اور پیٹ پر تارپین کا اسٹیوپ کرین ٭

ڈاکٹر ڈیوس صاحب Dr Davis, Chicago فرماتے ہین

اس مرض کے پہلے درجہ میں دست ہوتے ہوں تو چار یا پانچ گرین کیلومل دو تین گرین جلاپا کے
کے ساتھ یا تنہا دیکر پانچ چھ گھنٹہ بعد کیسٹر آئیل یا سلفیٹ آف میگنیشیا یا روشیل سالٹ
نیم کی مقدار میں دیں اور بعدہٗ اس نسخہ کا استعمال کریں ؂

℞. نسخہ

Ol. terebinth.	۲ ڈرام	آئیل آف ٹرپن ٹائین
Tr. opii, ā ā f. ʒiii	۲ ڈرام	ٹنکچر آف اوپیم
Acaciae ʒiii	۲ ڈرام	گم پوڈر
Sacchari albi, ʒiii	۲ ڈرام	وائٹ شوگر
Aq. menthae f. ℥iii	۳ اونس	پیپرمنٹ واٹر

M.
One teaspoonful every four hours.

سب کو ملا کر ایک ٹی اسپون فل چار چار گھنٹہ بعد دیں اور جب جی متلانے لگے بند کر دیں ؂

بہت سے مریضوں میں بجائے نسخہ مذکورہ بالا کے نسخہ مندرجہ ذیل سے فایدہ ہوتا ہے ؂

℞. نسخہ

Acid. carbolic. cryst.	۱۰ گرین	کرسٹل کاربولک ایسڈ
Tr. opii camph. f. ʒiss	ڈیڑھ اونس	کیمفوریٹیڈ ٹنکچر آف اوپیم
Glycerinae, f. ℥ss	نصف اونس	گلیسرین
Aquae, f. ℥ii	۲ اونس	پانی

M.
A teaspoonful every four hours.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل چار چار گھنٹہ بعد دیں ؂

ڈاکٹر لڈل صاحب Dr. Liddell فرماتے ہیں کہ

جنکو بیٹھے رہنے کے سبب سے ہمیشہ قبض رہتا ہو۔ یا عورتین جو قبض دائمی مین مبتلا ہون۔
یا جنکو پورٹل کنجیسچن یا ملیریس نیور ہوا اور ان لوگون کو پیچش ہو جاویگی یا صفراوی یا مزمن
پیچش ہو تو بار بار جب تک بدبودار دست اور صفر اخراج ہونے لگے کئی مسہلات کا دینا مفید
مثلاً تین چار ڈرام کی مقدار مین کریم آف ٹارٹر تین تین چار چار گھنٹہ بعد جب تک دیا جائے
کثیر المقدار پتلے پانی سے زرد رنگ کے دست آنے لگے تو بہت فایدہ ہوتا ہے ٭

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali رقمطراز ہین
کہ ابتداء مرض مین لعاب دار ادویہ مثلاً لعاب دانہ و ریشہ خطمی و اسپغول دینا اور ہلکی غذا کھلانا۔
آرام چین سے مریض کو گرم ہوادار مکان مین رکھنا۔ گرم غسل کرانا۔ گرم پانی سے پیٹ کو
سینکنا یا گرم پولٹس لگانا۔ فایدہ مند ہے ٭

اگر امعاء مین سدہ رکا ہونا معلوم ہو تو روغن بید انجیر دیکر اسکو نکالین اور بعدہ لاڈنم کے
بیس تیس قطرے پانی یا سونف کے عرق مین ملا کر پلا دین اور پھر نصف گھنٹہ بعد آدھ
ڈرام سے ایک ڈرام تک اپیکاک کوانا دین اور دس پندرہ منٹ کے لیے مسٹرڈ پلاسٹر
لگا [illegible] امراض اس ترکیب سے بہت فایدہ ہوتا ہے اور عند الضرورت دو
بار [illegible] دے سکتے ہین ٭

شروع مرض پیچش مین لازم و ضعیف آدمیونکو نسخہ مذکورہ ذیل کھلا دیتے اور دہی و
خشکہ و اکثر تخم ریحان ملا کر کھلانے سے تین چار روز مین آرام ہو جاتا ہے ٭

Chronic Dysentery.

کرانک ڈسنٹری

جب بڑی آنتوں کی شدید سوزش تبدریج مزمن ہوجاتی ہے تو کثیر المقدار اور پتلے ہوئے رنگ کے اقدار دست پاخانہ خفیف مروڑ و دیگر آتے ہیں اور ان میں بہے ہوئے خون کی چھیچھڑیاں اور پیپ سے ہوتے ہیں لعد گا ہو پیپ بھی پاخانہ میں ملی ہوئی ہوتی ہے - مریض نہایت دبلا و کمزور ہوجاتا ہے - زبان کے کنارے اور نوک سرخ و چکنی دکھائی دیتی ہیں - آخر کو ضعف اور بد وار دستوں کی زیادتی ہو کر مریض مرجاتا ہے - اور مزمن پیچش کا مریض ایک دو برس تک بھی زندہ رہ سکتا ہے +

علاج

ڈاکٹر ٹامسن صاحب Dr. B. E. Thompson فرماتے ہیں کہ اسکا یہی علاج ہے کہ مریض کو چارپائی پر ایسے کمرے میں رکھیں جہاں کی حرارت ... درجے کے قریب ہو - الکا ... اشیاء سے پرہیز کرائیں - جب تک جی نہ متلائے تین تین ... تین گرین سے پانچ گرین تک اپیکاکوانا دیتے رہیں - اور غذا کا بھی لحاظ رکھیں ...

ڈاکٹر ڈونلڈسن صاحب Dr. R. Donaldson فرماتے ہیں کہ جب اپیکاکوانا سے جی نا یہ ہو تو یہ نسخہ مفید ہوتا ہے +

نسخہ

Rx

Tr. benzoini comp. f ʒss — آدھا ڈرام — کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوان

Tr. catechu comp. f ʒi — ایک ڈرام — کمپونڈ ٹنکچر آف کیٹیچو

ٹنکچر آف اوپیم — ۱۰ قطرے — Tinct. opii, m x

ایکسٹراکٹ آف لاگ اوڈ — ۱۰ گرین — Ext. haematoxyli, gr x

پانی تاکہ — ایک اونس ہو جاوے — Aquam, ad f ℥j

M.

یہ ایک مقدار ہے ایسی دو تین تین بار دن — For a draught to

میں ضرورت ہو تو حقنہ کریں — be given thrice daily

ڈاکٹر ایل میک گائر صاحب L. M'Guire M.D. فرماتے ہیں کہ

پیچش میں مرکبات آیرن سے فایدہ ہوتا ہے چنانچہ یہ نسخہ مفید ہے

حقنہ کا نسخہ

℞.

سلفیٹ آف آیرن — دو اسکروپل — Ferri sub-sulphatis, ℈ii

گلیسرین — ایک اونس — Glycerinae, f ℥j

پانی — ۷ اونس — Aquae f ℥vii

M.

اس حساب سے بنالیں اور اس میں سے نصف کی — one half to be

مقدار میں ایک ہر دو گھنٹہ بعد حقنہ کریں — given as an injection every two hours.

ڈاکٹر واشنگٹن صاحب Dr. B. H. Washington

[illegible] کہ اس علاج سے اکثر ادمیوں کو فایدہ ہوا ہے وہ [illegible] [illegible]

[illegible] رکھیں اور خشک پٹی سے باندہ دیں جب وہ خشک ہو جاوے تو پھر بھگو دیں۔ [illegible]

[illegible] خشک سینگیاں لگائیں۔ روزمرہ غسل کرائیں تاکہ جلد کا فعل زیادہ ہو۔ صاف

[illegible] بحساب فی پائنٹ تیس یا چالیس گرین بائی کاربونیٹ آف پٹاش ملا کر پلاتے [illegible]

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں کہ

مرض پیچش میں زخم امعا کے تبدیل ہونے کے لئے قابض و مقوی دوائیں دینا اور مقوی غذا کھلانا اور آرام سے رکھنا مناسب علاج ہے۔ اور مونگ کی دال کھچڑی یا ساگودانہ یا آش جو کھلانا اور یہ نسخہ دینا بھی مفید ہے ٭

نسخہ

اسپغول	ایک ڈرام
تخم ریحان	ایک ڈرام
تخم بالنگو	ایک ڈرام
تخم خرفہ	ایک ڈرام

سب کو بھون کر اور گھی میں جذب کر کے تین مقدار بنا لیں اور ایک ایک مقدار دن میں تین بار دیں ٭

Dysuria

ڈسیوریا

مثانہ میں پتھری یا سوزش یا خراش ہونے سے یا سوزاک یا بواسیر یا ہسٹریا یا فالج کے باعث - یا مثانہ کی گردن کے عضلات کی سستی کے سبب کم و بیش درد کے ساتھ بمشکل پیشاب آتا ہو اور کبھی بالکل درد نہیں ہوتا - تو اسکو انگریزی میں ڈسیوریا اور عربی میں عسر البول کہتے ہیں ۔

علاج

Dr. Francis Gregory ڈاکٹر فرانس گریوس صاحب

فرماتے ہیں کہ اگر مثانہ کی گردن کے عضلات میں سستی ہو تو کیتھٹر پاس کرنا - پیڑو پر سرد یا گرم پانی کے تریڑے دینا - ہلکے مسہل سے تنقیہ کرنا مناسب ہے - اور فالج کی وجہ سے ہو تو بجلی و اسٹرکنیا کا استعمال کرنا بہتر ہے - اور جب اس سے فائدہ نہ ہو تو ٹنکچر آف کینتھرائیڈیس کا ہلکا سولیوشن یعنی ایک قطرہ سے تین قطرے تک نصف گلاس گرم پانی میں ملا کر پچکاری کرنا چاہئے ۔

Dr. Mir Ashraf Ali ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب

فرماتے ہیں کہ سبب کا دور کرنا اسکا علاج ہے یعنی پتھری ہو تو نکلوا دینا - مثانہ کے عضلات میں ورم یا تشنج ہو تو مسکن ادویہ کھلانا اور انکا حقنہ کرنا - جلن و درد پیشاب ہوتا ہو تو لعاب دار اشیا و مدرات ادویہ کا استعمال کرنا - پتھری ہو تو اسکا نکالنا مناسب ہے ۔

Diarrhœa,

ڈیاریا

ڈیاریا اسہال کو کہتے ہین جسمین زرد یا سبز رنگ کے پتلے دست بلا درد بار بار ہوتے ہین سردی لگنے یا پسینہ یا حیض وغیرہ معمولی رطوبات کا اخراج بند ہونے یا ثقیل غذا اور ترش میوہ جات بکثرت کھانے وغیرہ سے یہہ مرض ہوتا ہے۔ درحقیقت یہہ مرض ایک علامت اور امراض کی ہے مثلاً ہیضہ پیچش کے شروع مین وسل کے اخیر مین اور کرم امعا کے سبب بھی اسہال ہو جاتا ہے ؛

اس مرض کی بہت سی قسمین ہین مثلاً ارٹیٹو ڈیاریا۔ انفلامیٹری ڈیاریا وغیرہ اور پھر ان اقسام کی انواع ہین جیسے کامن میکولنٹ ڈیاریا۔ بلیس ڈیاریا۔ میوکس ڈیاریا خونی ڈیاریا۔ وغیرہ اور ہر ایک کی علامت بھی کچھہ جدا جدا ہین مگر عموماً دو قسم پر اس مرض کو تقسیم کرتے ہین ایک اکیوٹ یعنی شدید دوسرے کرانک یعنی مزمن ؛

ڈاکٹر نفیرز صاحب Dr. Napheys فرماتے ہین

کہ اس مرض کے علاج مین خارجی اسباب کا خیال رکھنا۔ اور چونکہ خراش دار شے کو امعا سے نکالنا منتشر قدرتی ہوتا ہے بدین وجہ دستون کو بند کرنا بلکہ ہلکے ملینات و باقاعدہ غذا و طبیعت کی مدد کرنا ہے ؛

ڈاکٹر ینگ صاحب D. Young M.D. فرماتے ہین

کہ اس مرض مین غذا کا لحاظ رکھنا اور نسخہ مندرجہ ذیل کو اس ترکیب سے جو آگے بیان ہوگی دینا مفید ہے ؛

نسخہ

℞.

Olei ricini ℳ xxiv	۲۴ قطرے	کیسٹر آئیل
Spt. chloroform. ʒiss	ڈیڑھ ڈرام	اسپرٹ آف کلوروفارم
Sol. morph. mur. ʒj	ایک ڈرام	سولیوشن آف میوریٹ آف مارفیا
Pulv. gum acaciae ʒiiss	ڈھائی ڈرام	پوڈر آف گم اکیشیا
Syrupi ℥ss	آدھ اونس	سمپل سیرپ
Aquam ad ℥iv		پانی اتنا ملائیں کہ چار اونس ہو جائے

M.

A small dessert spoonful every hour and a half.

مقدار خوراک ایک ایک ڈزرٹ اسپون ہر ڈیڑھ ڈیڑھ گھنٹہ بعد جب تک کہ دست صاف ہوں ۔

نسخہ مندرجہ بالا کے دینے میں ان ہدایتوں پر عمل کرنا چاہئے ۔

اوّل ۔ اسہال نرم ہو اور پاخانہ میں میوکس آوے تو روغن بید انجیر فی خوراک کو چند قطرے تک ملائیں ۔

دوم ۔ درد شدید رفع کرنے کو چند قطرے سے زیادہ سولیوشن آف مارفیا ہر خوراک میں ۔

سوم ۔ احتیاط سے اس ... مریض کو دینا چاہئیں کیونکہ اس میں روغن بید انجیر کی بو نہیں معلوم ہوتی اور نہ ذائقہ سے کوئی شخص پہچان سکتا ہے ۔

چہارم ۔ چونکہ گرم موسم میں یہ دوا زیادہ دن رکھنے سے بگڑ جاتی ہے مگر چار گرین ... ملا دی جائے تو کئی ہفتہ تک نہیں بگڑتی ۔

میوکوا مٹر ایسس یا ڈسنٹرک ڈایریا میں ارسنک بہت فایدہ ہوتا ہے خصوصاً ...

کردے۔ دست پتلے دودھ کی طرح سفید ہوتے ہوں اور اگر جب مریض بہت کمزور ہو جاتا ہو تو دو
دو قطرے سولیوشن آف آرسنک دو دو یا تین تین گھنٹہ میں کھانا کھانے کے بعد دیں مگر کھانا
کھاتے ہی دست آتا ہو تو کھانا کھانے سے پیشتر دوا کو کا دینا مناسب ہے ٭

ڈاکٹر ملیر صاحب Dr. F. Miller, London فرماتے ہیں
کہ اس مرض میں نسخہ مندرجہ ذیل سے بہت فائدہ ہوتا ہے ٭

Rx

نسخہ

Olei ricini f. ℨii	۲ ڈرام	کیسٹر آئیل
Pulv. acaciae ℨi	ایک ڈرام	پوڈر آف گم اکیشیا
Tr. opii m viii	۸ قطرے	ٹنکچر آف اوپیم
Syrupi f. ℨii	۲ ڈرام	سمپل سیرپ
Aq. carui q.s. ad f. ℨii		کیرویے واٹر اتنا کہ دوا دو اونس ہو جائے
M.		سب کو ملا لیں اور اس میں سے کہ بچہ کو ایک ٹیبل
Dose. A table spoon ful for a child.		اسپون فل کی مقدار میں دیں ٭

ڈاکٹر وائیٹ صاحب Dr. White, Dublin فرماتے
ہیں کہ ... ہیضہ اور جو تا فائیفوئڈ کے دستوں میں [illegible] نسخہ مندرجہ ذیل دیں اور بعد کو
دو چار ... دو دفعہ دوا استعمال کریں ٭

Rx

نسخہ

Ol. terebinth.	۲ ڈرام	آئیل آف ٹرپنٹائن
Liqr. potass. aa ℨii	۲ ڈرام	لائیکر پوٹاش

ام ببلیج	۴ ڈرام	Mucilag. acaciae
سیرپ آف پپاویر	۸ ڈرام	Syr. papaveris
سیرپ آف آرنج فلور	۸ ڈرام	Syr. flor. aurantii āā f. ʒ viii
پھر دوائون کو سب ملا کر مکس ہو جائے		M.
ایک ایک ٹیبل اسپون فل خوب ہلا کر چار چار گھنٹہ		A tablespoon-ful every four hours.

بعد دیتے

ڈاکٹر ایٹکن صاحب Dr. W. Aitken فرماتے

ہین کہ جوان آدمیون کو جو سیاہ رنگ کے دست آئین اور ہر طرح کے رنگ کے ہون تو اسہال بند سے کچھ فایدہ نہین ہوتا اور سوا سے خراش دار اشیا کے نکالنے کے اُن کے دینے کی ضرورت بھی نہین ہے بلکہ ایسے مریضون کو اکثر مقویات دیتے ہین مثلاً پانچ گرین سے دس گرین تک سلیسن چار چار چھ چھ گھنٹہ بعد دینے سے ایسے بیمار اچھے ہوئے جنکو افیون وغیرہ قابضات سے کچھ فایدہ نہین ہوتا تھا اور قریب المرگ ہو گئے تھے کیونکہ انکا مرض اسہال کی کمزوری سے تھا۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب J. M. Da Costa M.D. فرماتے ہین

کہ غذا غیر ہضم شدہ سے اسہال میں خراش ہو کر اسہال ... جو بچے چھ برس سے کم ہین کم بیس گرین کی مقدار سے لے کر رفتہ رفتہ ایک ڈرام تک سب نائٹریٹ آف بسمتھ سے بہت فایدہ ہوتا ہے اور نسخہ مندرجہ ذیل بھی مریض بچون پر استعمال کرتے ہین۔

نسخہ

R.

سب نائٹریٹ آف بسمتھ	ایک ڈرام	Bismuthi subnitratis ʒi

ٹینک ایسڈ ۳ گرین — Acidi tannici,

ڈوورس پوڈر ۲ گرین — Pulv. ipecac. comp. āā gr. iii

سبکو ملا کر ایک پوڈر بنائین اور ایسی — M.

For one powder to be taken three times a day.

دینی تین بار دن +

ڈاکٹر فیرر صاحب Sir J. Fayrer K.C.S.I. فرماتے ہین

کہ زود ہضم غذا مثلاً بیف ٹی یا انڈا دودھ مین پھینٹکر دینا۔ دودھ مین ایک تہائی

یا ایک چوتھائی لایم واٹر ملا کر دو دو تین تین گھنٹہ بعد پلانا۔ چاول کانجی دینا ناموافق

غذا سے پرہیز کرانا۔ موافق غذا کم اور باقاعدہ دینا۔ بلا عادت محرکات مثلاً برانڈی

وغیرہ نہ دینا۔ مریض کو ایسے مکان مین جہان یکسان حرارت ہو رکھنا۔ فلالین کا

کرتا پہنانا اور فلالین کی پٹی پیٹ پر باندھنا۔ سردی سے بچانا عمدہ علاج ہے +

ڈاکٹر میگس صاحب J. F. Meigs M.D. فرماتے ہین کہ

مرض اسہال مین یہ نسخہ مفید ہے +

R. نسخہ

افیم پوڈر ۶ گرین — Opii pulv. gr. vi

ایکسٹرکٹ آف نکس وامیکا ۳ گرین — Ext. nucis vomicae gr. iii

سلفیٹ آف کاپر ایک گرین — Cupri sulph. gr. i

سبکو ملا کر بارہ گولیان بنائین اور ایک ایک — M.

Divide into twelve pills - one three times a day.

دینی تین بار دن +

ڈاکٹر مرچیسن صاحب C. Murchison M.D. فرماتے ہین کہ

نسخہ مندرجہ ذیل جو فائدہ مند ثابت ہوا ہے

نسخہ

℞.

ٹینک ایسڈ — ۴ اسکروپل — Acidi tannici, ℈iv

ٹنکچر آف اوپیم — ۴۰ منم — Tr. opii, m XL

گلیسرین — ادھ اونس — Glycerinae f ℥ss

پیپرمنٹ واٹر اتنا کہ چار اونس ہو جائے — Aq. menth. pip. ad f ℥ iv m.

اس میں سے ایک ایک ٹیبل سپون فل ساری — A tablespoon -

تو دن پانی میں ملا کر چار چار گھنٹہ بعد — every four hours.

دیں ؛

جب دست بند ہو جائیں تو نسخہ مندرجہ ذیل کا استعمال کریں ؛

نسخہ

℞.

نائٹرو میوری ایٹک ایسڈ — ڈیڑھ ڈرام — Acidi nitro-muriatici f ℨiss

ٹنکچر آف اوپیم — ۴۰ منم — Tr. opii m XL

سمپل سیرپ — نصف اونس — Syrupi f. ℥ss.

پانی اتنا ملائیں کہ چار اونس ہو جائے — Aquae ad f. ℥ iv m.

اس میں سے ایک ایک ٹیبل سپون فل قدرے — A tablespoon-

پانی کے ساتھ دن میں چار مرتبہ دیں ؛ — ful four times a day

ڈاکٹر برکرٹ صاحب — Dr Burkart فرماتے

ہیں کہ اسہال مزمن دہیضہ وغیرہ میں اس نسخہ سے اکثر چند گھنٹوں میں فائدہ ہوا ہے ؛

نسخہ

℞

کوٹوان + ایک گرین — Cotoinae, gr. j

ڈسٹلڈ واٹر ۲ اونس — Aq. destil. f ℥ ii

الکوہل ۱۰ قطرے — Alcoholis, gtt x

سمپل سیرپ ایک اونس — Syrupi f ℥ j

M.

سبکو ملاکر ایک ٹیبل اسپون فل گھنٹہ بگھنٹہ بعد دین + — A tablespoonful every hour.

ڈاکٹر اسکوب صاحب — Dr E. R. Squibb

فرماتے ہین کہ نسخہ مندرجہ ذیل سے مرض فوراً دور ہوتا ہے +

نسخہ

℞

ٹنکچر آف اوپیم ایک اونس — Tr. opii

ٹنکچر آف کیمفر ایک اونس — Tr. camph.

ٹنکچر آف کیپسیکم ایک اونس — Tr. capsici aa ℥ j

کلوروفارم (پیوریفائڈ) ۳ ڈرام — Chloroform pur. f ℥ iii

الکوہل تاکہ پانچ اونس ہوجائے — Alcoholis, add

M.

ایک ٹیبل اسپون فل جتنی بار ضرورت ہو دین — A tablespoonful as required.

ڈاکٹر جانسٹن صاحب — Dr Johnston — فرماتے ہین کہ

ثقیل و خراب اشیا کھانے سے اسہال ہو تو مطابق عمر کے روغن بیدانجیر دیکر دست لانا چاہئے

* کوٹو بارک کیمبو ہر کو کوٹوان کہتے ہین +

بلکہ قابضات کا استعمال کریں ۔

دانت وغیرہ نکلنے سے بچوں کو اسہال ہو تو بلا اشد ضرورت بند نکریں اور جب بند کرنا ہو تو چاک مکسچر دینا اور مسوڑھوں میں شگاف کرنا مناسب ہے ۔

سردی یا بعد موسم گرما کے اسہال ہو تو بحالت صاف ہونے زبان کے روغن بید انجیر ایک اونس اور دو گرین افیون ملا کر پلائیں اور جو اس سے زیادہ ہو تو دو تین گرین سلفیٹ آف آئرن عرق بید مشک کے ساتھ ملا کر صبح شام دینے سے فائدہ ہوتا ہے اگر زبان میلی ہو اور درد شکم ہو تو یہ نسخہ دیں ۔

نسخہ

Rx.

سلفیٹ آف میگنیشیا	ڈیڑھ ڈرام	Sulphate of magnesia 3ss
انفیوژن آف پاپیز *	[illegible]	Infusion of poppies 3ss
اپیکاکوانا پوڈر	۲ گرین	Ipecac. powder grs ii

اسکو مکسچر کر کے چار چار گھنٹہ بعد چند بار دیں اگر تشنج ہو تو تک موقوف کر دیں اور بعد بند ہونے تشنج کے پھر پلا دیں ۔

This every four hours.

بند ہونے کے اسہال میں کتھ دینا تو تھوڑا افیون بمقدار مقررہ ملا کر گولی بنا کر دینا مفید اور زیادہ دن تک دست آئیں تو افیون کا حقنہ کرنا بھی مناسب ہے ۔

کسی دوسرے مرض مثلاً تپ ٹائفائیڈ فیور یا سل وغیرہ کے سبب ہو تو روز افیون کا حقنہ کرنا اور جب گرمی کم ہو جائے تو یہ نسخہ دینا چاہیے ۔

* جو ایک پوست کو بھگو کر سے تیار ہوا ہو ۔

نسخہ

R.

Dil. Sulph. acid m. xv	۱۵ قطرے	ڈالیوٹ سلفیورک ایسڈ
Sulphate of iron gr. j	ایک گرین	سلفیٹ آف آئرن
Nux vomica powder gr. j	ایک گرین	نکس وامیکا پوڈر
Infus. chiretta	ایک گرین	انفیوزن آف چرتیہ

Mix three m. سب کو ملاویں اور ایسی تین خوراک دن میں تین

times a day. بار دیں۔

ایک قسم کا اسہال جو کمزوری و خراش ہضم سے عورتوں کو ہو جاتا ہے اسمیں مقویات کا دینا اور

افیون کا حقنہ کرنا مفید ہے۔

Dengue

ڈینگو

دیگر بخاروں کی مانند سردی و کپکپی و دردِ سر ہو کر بخار چڑھ آتا ہے۔ علاوہ بریں جوڑوں میں درد و سوجن ورم و ہڈیوں میں درد ہوتا ہے مگر کبھی جوڑوں میں بالکل درد نہیں ہوتا۔ چہرہ سرخ۔ بدن گرم۔ گلے میں درد۔ آنکھوں سے پانی جاری۔ زبان صاف۔ نبض تیز ہوتی ہے تیسرے دن جسم پر سیاہی مائل سرخ پھپولے یا بلبلے چیچک کی شکل آتے ہیں۔ کبھی مرض کم لازم ہوتا ہے کبھی دو تین روز بعد پھر بخار ہو کر زبان میلی ہو جاتی ہے جی متلانے لگتا ہے معدہ کے مقام پر درد و دیگر اعضاء اندرونی میں خرابی لاحق ہوتی ہے۔

علاج

ڈاکٹر ڈاول صاحب Prof. G. Dowell M.D.

فرماتے ہیں کہ اول مائشریٹ آف میگنیشیا سے اسہال کی صفائی کریں خیال رکھیں کہ بخار ہلکا آتا ہے بعدہ یہ نسخہ دیں۔

نسخہ

Rx.

Hydrarg. chlor.	۳ گرین	کیلومل
Pulv. Ipecac. et Opii	۳ گرین	ڈوورس پوڈر
Quininae sulph.	۳ گرین	کونین
aa gr. iii.		

m. Yor one powder — اس کی ایک پوڑیہ بنائیں اور ایسی تین پوڑیں۔

Thr a day — دن بھر میں تین مرتبہ دو تین دن تک دیں۔

اگر کمزوری و نبض دبی ہوئی ہو تو یہ نسخہ دینا چاہیے ٭

℞.

نسخہ

Tinct. cinchonae,	نصف اونس	ٹنکچر آف سنکونا
Tr. gentianae,	نصف اونس	ٹنکچر آف جنشین
Tr. columbae, aa f. ℥ss	نصف اونس	ٹنکچر آف کلمبا
Tablespoon-ful every two hours. M.		

اسمین سے ایک ایک ٹیبل اسپون فل قدرے پانی کے ہمراہ دو دو گھنٹہ بعد صبح کو دینا شروع کریں اور چار مقدار دینے کے بعد بند کر دیا کریں ٭

اگر نبض سخت و بھری ہوئی و بخار کی زیادتی ہو تو پانچ سے پندرہ قطرے تک ٹنکچر آف اکونائٹ چار چار گھنٹہ بعد دیں اور ٹانسل گلینڈ بڑھی ہوئی اور منھ و تالو میں دانے ہوں تو ان دواؤں کا غرارہ کرنا مفید ہے

℞.

نسخہ

Tr. capsici,	ایک اونس	ٹنکچر آف کپسیکم
Tr. guaiaci, aa f. ℥i	ایک اونس	ٹنکچر آف گوایکم
A tablespoon-ful as a gargle.		

ان میں سے ایک ٹیبل اسپون فل ایک پیالہ پانی میں ملا کر غرارہ کرائیں ٭

ڈاکٹر فیرر صاحب Sir J. Fayrer M.D. کہتے ہیں کہ زمانہ گذشتہ میں ہندوستان میں گھسل و مقوی ادویہ کے دینے سے سوائے کمزور کر دینے کے کچھ فایدہ نہیں ہوتا

اگر مرض سخت ہو تو شربت ٹنکچر آف بلاڈونا یا تماشی گرین کی مقدار میں اکسٹرکٹ آف بلاڈونا ہر دو چار گھنٹہ بعد دینے سے بہت فایدہ ہوتا ہے۔ شب کو درد و بیقراری دور کرنیکے لئے مارفیا یا ڈوورس پوڈر دے سکتے ہیں اور افیون یا بلاڈونا یا کلوروفارم کالینمنٹ ریڑھ کی ہڈیوں پر مالش کرنا بھی مفید ہے۔ قاعدہ کے بموجب قوی غذا و مقویات مثلاً کلیا سٹرکنین و کونین و معدنی تیزاب بھی دیتے ہیں ۔

بعض بیمار ٹنکچر و ڈالیوٹ ناکس وامکا کی ایسے کچلہ یا اکٹیل القدر اسٹرکنیا کے ساتھ ملا کر دینے سے فایدہ ہوتا ہے۔ شرابوں میں کلارٹ شراب عمدہ ہے۔ تقویت دینے کے علاوہ بخار کے اٹکا اندیشہ ہوتا ہے روکنے کے واسطے پانچ گرین سے دس گرین تک کونین دینے کا کچھ مضایقہ نہیں ہے۔ تشنج دور کرنیکے لئے برومائیڈ آف پٹاسیم دینا اور جلدی خراش دفع کرنیکے واسطے کیفوریٹڈ آئیل ملنا اور گرم غسل کرانا فایدہ مند ہے ۔

ڈاکٹر پارکر صاحب Prof. F. P. Porcher M.D. فرماتے ہیں کہ مرض شروع ہوتے ہی پندرہ گرین کیلومل پندرہ گرین کونین ایکبار دیکر کوئی نمکین مسہل دینا۔ سر و بازو و دست و پا آب سرد سے دھونا۔ چپ چاپ آرام سے مریض کو رکھنا۔ یہ دوا پلانا بہتر ہے

℞ Potassi acetatis ʒi.	ایک ڈرام	ایسیٹیٹ آف پٹاس
Morph. sulph. gr. j.	ایک گرین	سلفیٹ آف مارفیا
Tr. aconite f. ʒss.	نصف ڈرام	ٹنکچر آف اکونائٹ
Aquam ad f. ℥vi.	پانی اتنا کہ چھ اونس ہو جائے	
M. A tablespoonful	ملا کر ایک ٹیبل اسپون فل دوا دینا	
every two or three hours.	دو تین گھنٹہ بعد دیں ۔	

Rheumatism.

روماٹیزم

روماٹیزم کو عربی میں ریح مفاصل ہندی میں گٹھیا کہتے ہیں۔ جب ریشہ دار جھلی میں سوزش ہوتی ہے تو شدید درد و بخار ہوتا ہے جسم سے خارج ہونیوالی رطوبتوں میں تیزابی کیفیت اور خون میں فائبرن کی زیادتی ہو جاتی ہے۔ حجاب قلب پردہ دماغ کی طرف مرض کے منتقل ہونیکا خوف رہتا ہے اور جب سوزش مذکور مزمن ہو جاتی ہے تو جوڑوں کے اندر گٹھیں دانسے پیدا ہو جاتے ہیں پس روماٹیزم ریشہ دار جھلی کی سوزش ہے جو موروثی ہوتی ہے یا ضعف کے فتور سے عموماً اسکی دو قسم ہیں ایک تو اکیوٹ یعنی شدید دوسرے کرانک یعنی مزمن ؎

Acute Rheumatism.

اکیوٹ روماٹیزم

اسکو اکیوٹ آرٹیکولر روماٹیزم یا اکیوٹ آرتھرائٹس کہتے ہیں اسمیں سب سے اول یعنی سردی کی سے سردی و گرمی میں کمی بیشی معلوم ہونیکے بعد بخار چڑھکر چوتھے یا پانچویں دن جوڑوں میں سوزش ہونیکے سبب انکی جلد سرخ ہو کر شدید ورم ہو جاتا ہے اور یہ درد ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں منتقل ہوتا رہتا ہے۔ نبض سریع ہوتی ایک منٹ میں سو سے ایک سو بیس ضرب اور کبھی اس سے زیادہ حرارت ایک سو چار درجہ تک ہوتی ہے بھوک نہیں لگتی قبض و تشنگی ہوتی ہے پسینہ بکثرت نکلتا ہے مگر اس سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ پیشاب کی رنگت سرخ اور اسمیں مائیت و نمکین اجزا کی زیادتی پائی جاتی ہے۔ بعد دو ہفتہ کے یا تو مریض اچھا یا مرض تبدیل ہو کر مزمن ہو جاتا ہے مگر دو ہفتہ کے بعد جب اچھا بھی ہوتا ہے تو اکثر چھ ہفتہ تک بخوبی کام کے قابل نہیں ہوتا۔ اور اکثر اس مرض کے ساتھ دل کے حجاب یا ریشہ دار جھلی میں سوزش ہو جاتی ہے جسکے

سبب یہ کہ سینہ میں درد و دقت تنفس وغیرہ علامات نمایاں ہوتی ہیں مگر کبھی درد نہیں ہوتا
مریض دل دھڑکتا ہوا اور سانس دقت سے لیا جاتا ہے ؛

علاج

ڈاکٹر میکلاگن صاحب Dr. J. Maclagan فرماتے
ہیں کہ شدید وجع مفاصل میں سیلیسین اور لیموں یا نارنگی کا عرق جدا جدا استعمال کیا جاتا ہے پندرہ
پندرہ گرین سیلیسین تین تین گھنٹہ یا دس دس گرین دو دو گھنٹہ بعد پانی میں ملا کر
پلانے سے اڑتالیس گھنٹہ یا اس سے بھی کم عرصہ میں فائدہ ہوتا ہے ؛
بقول ڈاکٹر ... صاحب شدید یا سب اکوٹ روماٹیزم میں سیلسلک ایسڈ نسخہ ذیل کے طور پر
دینے سے بخار و درد میں آرام ہو جاتا ہے ؛

نسخہ

Rx.

Acid salicylici, ʒ ix	نو ڈرام	سیلسلک ایسڈ
Sodii boratis, ʒ j.	ایک ڈرام	بائی بوریٹ آف سوڈا
Glycerinae, f℥ j	ایک اونس	گلیسرین
Aq. menthae, f℥ v	پانچ اونس	پیپرمنٹ واٹر
m. A tablespoon-	سب کو ملا کر ایک ٹیبل اسپون فل حسب	
ful as required.	ضرورت دیں ؛	

بقول ڈاکٹر اسٹر صاحب سیلسلک ایسڈ کو خاص علاج کے بعد بھی مرض کا دورہ روکنے
کے لئے چند دنوں تک قلیل المقدار کھلانا چاہئے مگر سرد اک یا پیچش کے سبب وجع مفاصل ہو

جن میں یہ دوا مفید نہیں ہوتی اسکو بعض وقت ذیل کے نسخے سے بہت قبول کرتا ہے

℞

نسخہ

Acidi salicylici, ʒj.	ایک ڈرام	سیلیسلک ایسڈ
Spts. eth. nitr., f. ʒvi	۲ ڈرام	نائیٹرک ایتھر
Sodii bicarb., gr. xxx	۳۰ گرین	بائی کاربونیٹ آف سوڈا
Spts. lavand. comp. f. ʒii	۲ ڈرام	کمپونڈ اسپرٹ آف لیونڈر
Aquae, f. ℥ii	۲ اونس	پانی
Syr. auranti. cort. q. s. ad. ℥vi		سیرپ اورنج پیل اتنا کہ چھ اونس ہو جائے

M.

One teaspoonful every three or four hours.

پہلے ایسڈ اور ایتھر کو ملاکر اسمیں سوڈا ڈالیں پھر رفتہ رفتہ پانی ملائیں جب جھاگ آنے بند ہو جائیں تب اسپرٹ و سیرپ آمیز کریں اور ایک ایک ٹیبل اسپون تین تین یا چار چار گھنٹہ بعد دیں ۔

زیادہ مقدار میں سلی سلک ایسڈ دینے سے شدید دماغی علامات و قے و کولاپس ہو جاتا ہے اسلیے کم مقدار میں دینا چاہیے چنانچہ یہ نسخہ بہتر ہے ۔

℞

نسخہ

Sodii bicarb.,	۵ گرین	بائی کاربونیٹ آف سوڈا
Ammon carb., āā gr v.	۵ گرین	کاربونیٹ آف امونیا
Acid. salicylic., gr. xx	۲۰ گرین	سلی سلک ایسڈ
Aquam ad ℥j		پانی اتنا کہ ایک اونس ہو جائے

سنکونا ملا کر ایک خوراک کریں ❖

غرضکہ بہت سا اسطرح علاج کیا جاتا ہے کہ پہلے چوبیس گھنٹہ کے اندر دس اونس لیمو کا رس پلا دیں اور پھر رفتہ رفتہ اسکی مقدار [illegible] اونس سے چار پانچ اونس تک کر دیں بلیک صاحب [illegible] اونس سے ایک ڈرام [illegible] چوبیس چند بار [illegible] پانی اور تھوڑی سی شکر ملا کر کہا کرتے بعد پلاتے تھے - اس سے دوسرے روز بیمار [illegible] چوتھے یا پانچویں روز [illegible] تقریباً [illegible] جوڑوں کی سوجن پسینہ میں کمی ہو جاتی ہے نبض اپنی چال چلنے لگتی ہے - اور اسکے بہت سے دست زیادہ [illegible] استعمال ہوتا ہے اسلئے صبح شام ایک ایک گرین افیون کا دینا کافی ہے - بہت سے مریضوں میں چھٹے یا ساتویں روز کونین وعمدہ غذا دینے کی ضرورت پڑتی ہے ❖

ڈاکٹر فلر صاحب Dr. H. W. Fuller London

نسخہ

Rx

بائی کاربونیٹ آف سوڈا	نصف ڈرام	Sodii bicarb., ʒ ss
ایسیٹ آف پوٹاش	نصف ڈرام	Potass. acetatis, ʒ ss
ٹنکچر سنکونا	ڈیڑھ ڈرام	Tr. cinchonae f ʒ iss.
ڈکاکشن آف سنکونا	ڈیڑھ اونس	Decoc. cinchonae flavae f ℥ iss

سنکونا ملا کر ایک مقدار کریں ❖

For one dose.

پھر جوں جوں آرام ہوتا جائے مقدار کم کرتے جائیں اور بعدہ کونین ہی دیں اور پیشاب کی حالت ہمیشہ دیکھتے رہیں - غذا بعض یا برابر [illegible] دیں اور جب تک زبان صاف نہو خشک غذا کے دینے سے پرہیز رکھیں - اس علاج سے ایک ہفتہ کے اندر مریض اچھا ہو جاتا ہے ❖

ڈاکٹر فار صاحب Dr. F. J. Farre, London فرماتے ہیں
کہ پانچ پانچ گرین کیلومل کی تین خوراکیں دیکر اس نسخہ کا استعمال کریں ۔

نسخہ

Rx.

Magnesia sulph. ʒii	۲ ڈرام	سلفیٹ آف میگنیشیا
Tr. sennae, f ʒii	۲ ڈرام	ٹنکچر آف سنا
Spt. ammon. aromatici ♏xx	۲۰ منم	اسپرٹ آف امونیا ایرومیٹک
Infusi sennae comp. f ℥iss	ڈیڑھ اونس	لیکوڈ انفیوزن آف سنا

M. سب کو ملا کر ایک خوراک بول براز کے معمولی

For one dose.

شورے ہونے تک روز دیتے رہیں ۔

اگر حملہ مرض کا سخت ہو تو بیس یا تیس گرین بائی کاربونیٹ آف پٹاس اور لیکوڈ
انفیوزن ہو تو اسی مقدار میں ایسیٹیٹ آف پٹاش چار چار یا چھ چھ گھنٹہ بعد دیں ۔
اگر پسینہ کم یا زیادہ آتا ہو تو اور دل کا فعل زیادہ ہو تو دس پندرہ گرین شورہ بھی اسمیں ملا دیں
ہر شب ایک گرین افیون کھلائیں ۔ سوجنوں اور بچوں کے چھوٹے جوڑوں پر ٹنکچر آف آیوڈین
اور جوانوں کے لینیمنٹ آف آیوڈین لگانا اور بیلاڈونا افیون ہو تو مسٹرڈ پلاسٹر یا کینتھرائیڈین
پلاسٹر اور بڑے جوڑوں پر مسٹرڈ پلاسٹر لگانے سے بہت فایدہ ہوتا ہے ۔
گوشت کھانے سے جوڑوں میں درد شروع ہو جاتا ہے اسلئے جب تک زبان صاف
نہ ہو دودھ کی غذا کھلائیں ۔ کمل اُڑھائیں جب درد رفع اور زبان صاف ہو جائے تو
مقویات کا استعمال کریں ۔

ڈاکٹر فلیمنگ صاحب Dr. Fleming, Bermingham فرماتے ہیں

دو اونس پانی مین تیس گرین بائی کاربونیٹ پاٹش ڈالکر پھر دو چمچہ آدہا اونس لیمن جوس ملا کر جبکہ اُفان اٹھتے وقت ہر کھانے سے پیشتر روز پلائین - اگر بخار کی زیادتی ہو تو ایک قطرہ سے لیکر تین قطرہ تک ٹنکچر ایکونائیٹ اور عضلات مین بہت درد ہو تو بجائے ٹنکچر ایکونائیٹ پانچ قطرہ سے دس قطرے تک ٹنکچر آف ہملوک ہر خوراک مین ملا دین - بدن کا سٹیم مشتعل اور مزمن ہون تو دو گرین سے چہہ گرین تک آیوڈائیڈ آف پٹاسیم - نیند آنے اور درد مین افاقہ ہونے کے لئے رات کو پوری مقدار مین مارفیا یا اڈین ہیپ - قبض رفع کرنیکو کالوسنتھ او رسامسن کی گولی دینا - پٹاس واٹر یا سوڈا واٹر پلانا - جوڑ یا حصہ پر روئی کی گدی باندھنا - سوزش قلب ہو تو دلیر سٹس لگانا و کوانٹر اری ٹیشن تدبیرین کرنا کمبل اڑھانا جب آرام ہونے لگے عمدہ غذا کھلانا گرم پوشاک پہنانا دکونین و مرکبات فولاد دینا مفید ہوتا ڈاکٹر چیمبرس صاحب J. K. Chambers, M. D. فرماتے ہین کہ مریض کو کمبل مین اسطرح لپیٹ کر رکھین کہ سر کو ذرا بھی ہوا نہ لگے اور سوائے کمبلون کے اور کوئی کپڑا اُسکے بدن پر نہو - غذا اُسکی یعنی روٹی و مکھن کھلائین شوربا و دودھ و چاء پلائین - جو جوڑ سوجا ہوا و سرخ ہو یا درد کرتا ہو اُسکو گرم پانی یا پوست کے جوشاندہ (جسمین کاربونیٹ آف سوڈا بحساب فی پائینٹ نصف اونس ملا ہو) سے تر کرین - جب جوڑون کے نزدیک کی جلد سرخ و جوڑون مین ورم و درد نہایت تکلیف دہندہ و دائمی ہو تو یہ نسخہ دین ؞

نسخہ

℞

Potassi carb., ℈i	ایک اسکروپل	کاربونیٹ آف پٹاس
Aq. camph., f. ʒii M.	۲ ڈرام	کیمفر واٹر

یہ ایک مقدار ہے ایسی تین تین گھنٹہ بعد — For one dose - Every

جب تک مریض جاگے برابر دیتے رہیں ۔ — three hours.

اگر علامات مندرجہ بالا خفیف ہوں اور ہڈیوں میں ایسا درد جو بہ نسبت حرکت کے دل سے زیادہ ہوتا ہو اور ایک ہی جگہ قایم رہے تو نسخہ مذکورہ بالا کی ہر مقدار میں دو دو گرین آیوڈائیڈ آف پٹاسیم ملائیں اور جوں ہی ذرا فایدہ معلوم ہو کاربونیٹ آف پٹاش بند کرکے صرف آیوڈائیڈ آف پٹاسیم کا دینا شروع کریں۔ دو دن میں تخفیف ہو تو ایک ایک گرین سے دو گرین تک اسکی مقدار بڑھا کر دینا چاہئے مگر درد کم ہوتے ہی اسکی مقدار کا کم کر دینا مناسب ہے۔ اگر کسی خاص جوڑ میں درد قایم ہو جائے تو وہاں اور دل میں اگر مرض ہو تو کلورفارم کے بعد ریزولینٹ پولٹس لگائیں ۔

ڈاکٹر کاسٹا صاحب J. M. Da Costa M.D. فرماتے ہیں کہ مرض مزمن ہو تو کم یا آتشک کے سبب ہو تو بالکل اس نسخہ سے فایدہ نہیں ہوتا مگر دیگر اقسام جو مفاصل میں جوڑوں کی سوجن رفع کرنیکو قدرے اور درد وغیرہ دور کرنیکے لئے بہت مفید ہے اور وہ نسخہ یہ ہے ۔

Rx. — نسخہ

Ammonii bromidi, ℥ss — برومائڈ آف امونیم — نصف اونس

Tr. aurantii corticis, f. ℥ss — ٹنکچر آف اورنج پیل — نصف اونس

Aquae, f. ℥iiss — پانی — ڈھائی اونس

M. A dessertspoonful every three hours. — سبکو ملا کر ایک ایک ڈزرٹ اسپون فل تین تین گھنٹہ بعد صرف دن میں دیں ۔

شدید درد مفاصل کے بعد جو سوج جاتین اور حرکت نہ کے قابل ہو جاتا ہے تو آیا یہ نسخہ بہت
مفید ہے جو کہ ایک شخص نے ذاتیقہ اور بہت عمدہ ہے ◆

R

نسخہ

Potassi iodidi, ℈ii	۲ ڈرام آیوڈائیڈ آف پٹاسیم
Tr. guaiaci comp. f. ℥vi	چہ اونس کمپونڈ ٹنکچر آف گوایکم
M.	دونو کو ملا کر ایک ایک ڈزرٹ اسپون فل
A dessertspoon ful thrice daily.	دنمین تین مرتبہ دین ◆

سکیولر روماٹیزم مین پچاسوین حصہ گرین سلفیٹ آف اٹروپیا دس قطرے آب مقطر مین
ملا کر اسکی پچکاری دنمین ایکبار زیر جلد کرنا ـ بہت اکسیر ہے اور یہ نسخہ بھی مفید ہی اور جس
مریض کے جوڑ سوجے ہوئے ہون اور درد کم ہو تو کونین سے بہت فایدہ ہوتا ہے ◆

R

نسخہ

Potassi iodidi, ʒj	ایک ڈرام آیوڈائیڈ آف پٹاسیم
Vin. colchici rad. f. ʒii	۲ ڈرام وائن آف کالچیکم
Morph. sulph. gr. iii	۳ گرین سلفیٹ آف مارفیا
Syrupi, f. ℥j	ایک اونس سمپل سیرپ
Aquae, f. ℥ij	۲ اونس پانی
M.	سب ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل دنمین تین
A teaspoon ful three times a day.	بار کھانا کھانے کے بعد مفاصل و درد مفاصل
	مین دین ◆

℞.

نوع دیگر

Potassii iodidi, ʒii — ۲ ڈرام — ایوڈائیڈ آف پٹاسیم

Vin. colchici rad. f℥ss. — نصف اونس — وائن آف کالچیکم

Ext. cinchonae fl. — ڈیڑہ اونس — فلوئیڈ ایکسٹراکٹ آف سنکونا

Elixir cinchonae — ڈیڑہ اونس — الکسر سنکونا

aa f. ℥iss.

m.

A dessertspoonful thrice daily. — سبکو ملاکر ایک ڈزرٹ اسپون فل دن میں تین بار عضلاتی درد مفاصل میں دیتے ہیں

℞.

نوع دیگر

Potassii iodidi, ʒii — ۲ ڈرام — ایوڈائیڈ آف پٹاسیم

Tr. belladonnae, f. ʒiss. — ڈیڑہ ڈرام — ٹنکچر آف بلاڈونا

Syr. aurantii cort. f. ℥ss. — نصف اونس — سیرپ آف اورنج پیل

Aquam q. s. ad f. ℥iii — پانی اتنا کہ تین اونس ہو جاوے

A teaspoonful thrice daily. — سبکو ملاکر ایک ٹی اسپون فل دن میں تین بار سکیولر روماٹیزم میں دیں

سب اکیوٹ مسکیولر روماٹیزم میں یہ نسخہ مفید ہے

℞.

نسخہ

Potassii nitratis, gr. xv — ۱۵ گرین — نائیٹر

Pulv. ipecac. comp. gr. iii — تین گرین — ڈوورس پوڈر

For one powder, to be taken every fourth hour. — اسکی ایک پوڑیہ بنائیں اور ایسی ہر چار گھنٹہ

بعد دین ۔

لمبیگو میں پچاسویں حصہ گرین اٹروپیا کی پچکاری زیر جلد کرنا یا دوا لینمنٹ مندرجہ ذیل کا کام میں لانا مفید ہے ۔

نسخہ

℞

Potassii carb., ʒii. — ۲ ڈرام — کاربونیٹ آف پوٹاش

Potassii acetatis, ʒiii. — ۳ ڈرام — ایسیٹیٹ آف پوٹاش

Vin. colchici seminis f. ʒi — ایک ڈرام — وائن آف کالچیکم

Syr. tolutani, f. ℥iss — ڈیڑھ اونس — سیرپ آف ٹولو

Aquae, f. ℥ss — نصف اونس — پانی

M.

A teaspoonful thrice daily.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹی اسپون فل دن میں تین بار لمبیگو میں دیں ۔

نسخہ لینمنٹ

℞

Chloroformi, f. ℥ss — نصف اونس — کلوروفارم

Linimentii ammoniae f. ℥iss — ڈیڑھ اونس — امونیا لینمنٹ

Linimentii saponis f. ℥ii — ۲ اونس — سوپ لینمنٹ

M.

سب کو ملا کر صبح شام مرض لمبیگو میں مالش کرنا چاہئے ۔

علاوہ ازیں کوئی محرک لینمنٹ کی مالش کرنا اور مقام ماؤف کو گرم رکھنا اور یہ نسخہ بنانا مفید ہے ۔

نسخہ

℞

Vini colchici sem. f ℥i	ایک اونس	وائن آف کالچیکم
Potassii acetatis ʒii	۲ ڈرام	ایسیٹیٹ آف پوٹاش
Spt. aetheris nitrosi	ایک اونس	نائیٹرک ایتھر
Syrupi simp. ℥i	ایک اونس	سمپل سیرپ

m.

A teaspoonful thrice daily.

سب کو ملا کر ایک ایک ٹی سپون فل روزانہ تین بار دیجیئے

رومٹک آرتھرائیٹس میں ٹنکچر آف آیوڈین و السلس ساوی الوزن ملا کر جوڑ پر لگا کر روئی پیٹ دینا - جب جوڑ میں تپکن ہو تو سطر یا شرکرنا اور جوڑ وں کے نزدیک چھوٹے چھوٹے بلسٹر لگا کر ڈریسں کرنا اور یہ نسخہ دینا مفید ہے ؎

نسخہ

℞

Tr. guaiaci f ℥ii	۲ اونس	ٹنکچر آف گوائکم
Vin. colchici radicis f ʒii	۲ ڈرام	وائن آف کالچیکم
Potass. bicarb. ℥ss	نصف اونس	بائی کاربونیٹ آف پوٹاس
Syr. aurantii corticis f ℥ii	۲ اونس	سیرپ آف اورنج پیل

m.

A dessertspoonful in water thrice daily.

اس میں سے ایک ایک ڈزرٹ اسپون فل روزانہ تین بار پانی میں ملا کر دیجیئے ؎

Dr. Johnston. ڈاکٹر جانسٹن صاحب

اور ماشہ ... کہ اول سات بیس گرین ریوند چینی اور ایک گرین افیون ملا کر دیں تاکہ دست ہو جائیں بعد ...

نسخہ دیگر — نسخہ — Rx

Nitre	ʒj.	ایک ڈرام	نائٹر
Carbonate of potash	ʒss.	نصف ڈرام	کاربونیٹ آف پٹاس
Aquae	f℥j.	ایک اونس	پانی
Sugar	q.s.	حسب لیاقت	مصری

M. ft.
This every four hours — یہ ایک مقدار ہے ایسی چار گھنٹہ بعد پلاویں

درد کی زیادتی ہو تو علاوہ نسخہ مذکورہ بالا کے ایک ایک رتی افیون و نصف نصف رتی رب سورنجان ملا کر دینیں دو بار دیں۔ گرم کپڑا اگر ... ٹکین پوست کے جوشاندہ میں افیون و شورہ ملا کر مقام ماؤف پر تکمید کریں اور نیز فلالین یا نمدے پر شورہ ڈالکر اور قدرے پانی اوسپر چھڑک کر اس جگہ باندہ دیں اور چار چار گھنٹہ بعد پانی سے نمدے کو چھڑکتے رہیں۔
ہلکی غذا اشٹارہ ارزنی یا شالوودہ وغیرہ کھلائیں۔

ڈاکٹر میر اشرف علی صاحب Dr. Mir Ashraf Ali فرماتے ہیں کہ ایک اجابت صاف ہونیکے لئے روزمرہ کوئی مسہل دیکر گھٹا اور درد رفع کرنیکو واسطے دو گرین افیون شب کو دینا۔ جب پیاس معلوم ہو ایک ڈرام شورہ ایک بوتل پانی میں ملا کر پلانا۔ شورہ کے پانی میں کپڑا بھگو کر جوڑوں پر رکھنا۔ جبتک بخار میں کمی اور پیشاب میں ... کی کیفیت نہ پائی جائے یہ نسخہ دینا مناسب ہے۔ نسخہ

Rx

Bicarbonate of potash	gr xx.	۲۰ گرین	بائی کاربونیٹ آف پٹاس
Soda water	O ss.	نصف بوتل	سوڈا واٹر

M.

یہ ایک مقدار ہے ایسی دن میں تین بار یا چار

چار چھ چھ گھنٹہ بعد دین ۞
اگر مریض قوی ہو تو نسخہ مذکورہ بالا کی ہر مقدار مین دو چند کرے۔ وائن آف کالچیکم ملا دین ۞
ابتدا مرض مین ہلکی اور جب کمزوری ہو جاوے مقوی غذا دینا اور شکر سے پرہیز کرانا چاہیے
جوڑ کو گرم رکھنا یا بائی کاربونیٹ آف سوڈا و افیون آب گرم مین ملا کر اوس سے سینکنا و
بعد رفع ہونے شدت درد کے آیوڈین یا بلسٹر مفاصل پر لگانا۔ بہتر ہے۔ اندو کارڈ
ائیٹس ہونے کی حالت مین پوری مقدار مین افیون کھلانا۔ و السی کا گرم پولٹس اوپر لگانا
و بائی کاربونیٹ آف پٹاسیم بہ ترکیب مذکورہ بالا دینا۔ اور حجاب قلب مین آب جمع ہو جاوے
تو بلسٹر لگانا و ایوڈائڈ آف پٹاسیم کا استعمال کرنا مناسب ہے ۞

Chronic Rheumatism

کرانک رہوماٹیزم

اسکو کرانک آرٹیکیولر رہوماٹیزم بھی کہتے ہین - خود بخود سوزش شدید کے بعد جوڑ ضعیف و سخت و کسی خاص جوڑ مین درد قایم ہو جاتا ہے مگر بلا بخار کسی دوسرے جوڑ مین منتقل بھی ہوتا رہتا ہے - اور اکثر مرطوب ہوا یا سردی لگنے سے شروع ہوتا ہے اور کچھ روز بعد بلا علاج اسمین آرام بھی ہو جاتا ہے - عموماً اس مرض مین مفاصل مین دن کو تخفیف اور رات کو درد کی شدت ہوتی ہے - سر کی ہڈیون کی اوپر کی جھلی و ہر ایک جوڑ یا عضلات یا ریشہ دار جھلیون مین بھی پھیلجاتا ہے چنانچہ ہندوستان مین اکثر چھاتی کے عضلات یا عضلات چشم کی سیون یا اُس حصہ مین جو کان کی ہڈی سے شروع ہو کر سینہ کی ہڈی مین آتا ہے یا درد یا حلقوم یا دست و پا کے عضلات یا اُنکی سیون یا اس مرض کا اثر ہوتا ہے اور اسکے بموجب مقام کے درد و دیگر علامات نمایان ہوتی ہین - کشمیریون کے دست و پا کے عضلات ماؤف اکثر موسم سرما مین ہونے سے اُنکے ہاتھ پاؤن جلتے ہین اور پسینہ بکثرت خارج ہوتا ہے اور وہ عضلات لاغر ہو جاتے ہین سوا اسکے اور کوئی علامت درد و سوجن وغیرہ کی نہین ہوتی - بعض وقت فوجی آدمیون مین ایک مشتر کا [illegible] مفاصل دیکھا گیا ہے جسمین بخار نہ تو سوجن ہوتی ہے نہ بناوٹ بدلی مگر بیٹھا جب مین [illegible] کا درد نہین ہوتا ہے اور شب کو اوقات [illegible] مرض کی زیادتی ہو جاتی ہے ٭

علاج

ڈاکٹر ڈیلافیلڈ صاحب Prof. Delafield M.D. New York. فرماتے ہین